عوام کی آواز پاکستان کی آواز ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

قیمت: 15 روپے

جلد نمبر 21 | بروز جمعرات 8 اکتوبر 2026ء / 25 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 190

وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کیساتھ حکومت اور عوام مکمل طور پر متحد ہیں

مستونگ آپریشن کے دوران دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنا سیکیورٹی فورسز کی بہترین کارروائی کا مظہر ہے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود کی برآمدگی ایک اہم پیش رفت ہے

بلوچستان کی پرامن سرزمین کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کے فورسز کی کارروائیوں پر اظہار اطمینان

کوئٹہ (جی این ایم) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الہندوستان کے خلاف کی جانے والی کامیاب کارروائی پر گہرے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب کارروائی سیکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے، اور مستونگ آپریشن میں 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنا سیکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر4)

بلوچستان صوبائی کابینہ میں رودبدل ایک بار پھر سردخانے کا شکار

حکومت میں دو بڑی جماعتیں مسلم لیگ (ن) اور پیپلزپارٹی وزراء کے قلمدانوں کے تقسیم پر اختلافات

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان صوبائی کابینہ میں رودبدل ایک بار پھر سردخانہ کا شکار مخلوط حکومت میں دو بڑی جماعتیں پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلزپارٹی وزراء کے قلمدانوں کے تقسیم پر اختلافات تاہم بی این پی سے (باقی صفحہ 2 نمبر2)

پیپلزپارٹی کے موجودہ اقدامات ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش ہے، سہیل آفریدی

کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دیں گے، گورنر نے غیر آئینی کام کیا ہے، وزیراعلیٰ خیبرپشتونخوا

پشاور (جی این ایم) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے موجودہ اقدامات سے ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش نظر آرہی ہے۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ (باقی صفحہ 2 نمبر3)

پاکستان کی سفارتی کامیابی، یواین میں محفوظ پانی سے متعلق قرارداد منظور

جہاں پانی مشترکہ ہو، وہاں ذمہ داریاں بھی مشترکہ ہوتی ہیں، فرسٹ سیکرٹری عدیل کھوکھر

جنیوا (جی این ایم) جنیوا میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں محفوظ (باقی صفحہ 2 نمبر1)

خیبرپختونخوا میں بڑھتی دہشت گردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا، وزیراعظم

صوبے کے عوام کی دہشتگردی کے خلاف قربانیوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ہماری خواہش ہے کہ خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی ہو

شہباز شریف سے وفاقی وزیر امیر مقام کی ملاقات، خیبر پختونخوا سے متعلق امور پر تبادلہ خیال، وفاقی وزیر نے جاری امور اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا، ہماری خواہش ہے کہ خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی ہو۔ وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان (باقی صفحہ 2 نمبر7)

دکی، کوئلے کی بند کان سے دو بھائیوں کی لاشیں برآمد

مقتولین گھر سے ناراض ہوکر نکلے تھے، پولیس نے لاشیں اسپتال منتقل کر کے تحقیقات شروع کر دی

دکی (جی این ایم) دکی کے علاقے میں کوئلے کی ایک بند کان سے دو سگے بھائیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جن کے بارے میں پولیس اور ذرائع کا کہنا ہے کہ وہ کان میں (باقی صفحہ 2 نمبر8)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان کی معاشی بہتری کا عالمی مالیاتی ادارے بھی اعتراف کر رہے ہیں، اورنگزیب

حکومتی توجہ معاشی استحکام کے ساتھ ادارہ جاتی اصلاحات پر بھی ہے، ڈیجیٹل مالیاتی خدمات مائیکروفنانس کے فروغ میں اہم ذریعہ ہیں

کم آمدنی والے طبقات تک مالی سہولتوں کی رسائی بڑھائی جائے، وزیر خزانہ کا مائیکرو فنانس کانفرنس سے ورچوئل خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی بہتری کا عالمی مالیاتی ادارے بھی اعتراف کر رہے ہیں، حکومتی توجہ معاشی استحکام کے ساتھ ادارہ جاتی اصلاحات پر بھی ہے۔ وہ دسویں سالانہ مائیکرو فنانس کانفرنس سے (باقی صفحہ 2 نمبر5)

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان جاں بحق، کلی شموزئی بائی پاس سے لاش برآمد

پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے لاش اسپتال منتقل کر دی، مقتول کی شناخت سعد گجر کے نام سے ہوئی

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے علاقے کلی شموزئی بائی پاس پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک نوجوان جاں بحق ہوگیا ہے۔ پولیس کے مطابق علاقے سے ایک لاش برآمد ہوئی ہے جس کی شناخت سعد گجر کے نام سے کی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق مقتول کو نامعلوم افراد نے فائرنگ (باقی صفحہ 2 نمبر6)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ایکسس ٹو فنانس کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان اور شمالی وزیرستان میں کارروائیاں 18 دہشتگرد جہنم واصل

مستونگ، سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، آپریشن 'ردالفتنہ 3' کے دوران 5 دہشتگرد جہنم واصل، کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری، دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ وگولہ بارود برآمد، سیکیورٹی ذرائع

راولپنڈی، پشاور (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز نے خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں عزم استحکام ویژن کے تحت موثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے 18 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو ہلاک کر دیا، سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کی نقل وحرکت پر مسلسل نگرانی رکھتے ہوئے ان کے خلاف فیصلہ کن کارروائی کی۔ دوسری جانب سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف بھی موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقوں سیاپشت اور کلی گشتری میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کیخلاف آپریشن کے دوران 5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا، ہلاک ہونے والے دہشتگردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں ممکنہ (باقی صفحہ 2 نمبر10)

پاکستان اندرونی حالات کی وجہ سے مشکل صورتحال سے دوچار ہے، محمود اچکزئی

مسائل کے حل کے لیے عمران خان سے ملاقات ضروری ہے، چیئرمین پشتونخوا ملی عوامی پارٹی

خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کیا گیا تو ہر چوراہا بند کردیں گے، شہباز حکومت کو تسلیم نہیں کرتے ہیں، ژوب جلسے سے خطاب

ژوب (جی این ایم) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان خارجی دشمنوں کی وجہ سے نہیں بلکہ اندرونی حالات کے باعث مشکل صورتحال سے دوچار ہے، ملک کو ٹوٹنے اور جوڑنے کے دوراہے پر کھڑا کر دیا گیا ہے، تمام سیاسی جماعتیں آئین کی بالادستی پر متفق ہوں، سیاسی بحران کا حل مذاکرات اور آئین کی بالادستی میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر11)

حوثیوں کے 3 سعودی ایئرپورٹس پر حملے اور ایک طیارہ گرانے کا دعویٰ

انٹیلی جنس سسٹم کے ذریعے میزائل لانچ کرنے والے پلیٹ فارم کی نگرانی کررہے ہیں، سعودی قیادت

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی قیادت میں قائم اتحاد نے کہا ہے کہ اس نے حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض اور جنوبی شہر خمیس مشیط کی طرف داغے گئے بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کر دیا۔ حوثیوں نے ریاض اور ابہا ایئرپورٹس کے ساتھ (باقی صفحہ 2 نمبر12)

افغان مزاحمتی تنظیموں کا تازہ حملوں میں 2 طالبان عہدیداروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

قندھار میں طالبان کے امر بالمعروف کے محتسب عبدالرحمان کو ٹارگٹڈ کارروائی میں ہلاک کر دیا، افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ

کابل (جی این ایم) افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف مزاحمت میں تیزی آنے لگی، مزاحمتی تنظیموں نے تازہ حملوں میں افغان طالبان کے 2 عہدیداروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغان میڈیا افغان انٹرنیشنل کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے ایکس پر جاری بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ قندھار کے ضلع خاکریز میں طالبان کے امر بالمعروف کے محتسب (باقی صفحہ 2 نمبر9)

گورنر راج آخری آپشن، کوشش کررہے ہیں اس طرف نہ جائیں، خواجہ آصف

دارالحکومت کو پی ٹی آئی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے، طالبان کے ساتھ مل کر پی ٹی آئی کو اسلام آباد پر لشکرکشی نہیں کرنے دیں گے

اسلام آباد کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے اگر ایک شخص کی خوشی کے لیے ملک کا شیرازہ بکھیرنا چاہتے ہیں تو یہ قبول نہیں، وزیردفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیردفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ گورنر راج کے نفاذ میں کوئی رکاوٹ نہیں، تاہم ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس آخری آپشن پر نہ جائیں۔ نجی نیوز چینل سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ دارالحکومت کو پی ٹی آئی کے رحم وکرم پر نہیں (باقی صفحہ 2 نمبر33)

ارشا، تنزانیہ کی قومی اسمبلی کے اسپیکر چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو سوونیئر پیش کررہے ہیں

ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری میں تیزی

اسلام آباد (جی این ایم) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کی پنجاب حکومت، خصوصی اقتصادی زونز اتھارٹی پنجاب اور زون ڈویلپرز فیڈمک اور پائیڈمک کے ساتھ مسلسل رابطہ کاری اور موثر پیروی کے (باقی صفحہ 2 نمبر13)

اورماڑہ، غیرقانونی طور پر ایران جانے والے ڈرائیور سمیت 4 ملزمان گرفتار

اورماڑہ (جی این ایم) غیرقانونی طریقے سے ایران جانے کی کوشش ناکام، پولیس اور پاک آرمی کی مشترکہ کارروائی میں 4 ملزمان گرفتار اور ماڑہ پولیس اور پاک آرمی (باقی صفحہ 2 نمبر15)

تیل قیمتوں کے تعین کے فارمولے میں دوبارہ تبدیلی کی سفارش

جون 2027 تک پیٹرول مارکیٹ کی مکمل ڈی ریگولیشن کا ہدف مقرر

اسلام آباد (جی این ایم) پیٹرولیم ڈویژن نے ملک میں ڈیزل کی قیمتوں کیفارمولے میں تبدیلی کی سفارش کردی۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع وزارت پیٹرولیم کا کہنا ہے کہ غیر معمولی حالات میں ریفائننگ مارجن 41 سے 30 ڈالر کرنے کی سفارش ہے، جنگی حالات میں ڈیزل قیمت حقیقی خام تیل لاگت اور 30 ڈالر مارجن پر مقرر ہوگی۔ ذرائع کے مطابق ڈیزل قیمت (باقی صفحہ 2 نمبر14)

ایف آئی اے کارروائی، جعلی مصنوعات فروخت کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (جی این ایم) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل لاہور نے شاہ عالم مارکیٹ میں کارروائی کرتے ہوئے معروف (باقی صفحہ 2 نمبر32)

صدر مملکت کا دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش (باقی صفحہ 2 نمبر31)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال "اُڑان پاکستان" سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسحاق ڈار کی کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا کو نئی تعیناتی پر مبارکباد

قومی مفادات کے تحفظ اور علاقائی امن وسلامتی کیلئے قریبی ادارہ جاتی ہم آہنگی پر اتفاق

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا کو نئی تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسلام آباد میں نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا نے ملاقات کی، نائب وزیراعظم اور کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ نے قومی سلامتی کے امور اور علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں (باقی صفحہ 2 نمبر16)

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا غیر موثر نہیں کیا جاسکتا، صدر

پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے ذرائع کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، پائیدار امن کیلئے تمام دیرینہ تنازعات بالخصوص جموں وکشمیر کے تنازعے کا حل ضروری ہے

افغان سرزمین پاکستان یا کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے، علاقائی تنازعات کے حل کے لیے مذاکرات کا کوئی متبادل نہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا غیر موثر نہیں کیا جاسکتا، پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے ذرائع کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا انہوں نے ایوانِ صدر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صدر آصف علی زرداری نے یواین سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو "نشانِ امتیاز" سے نوازا۔ اس موقع پر صدر آصف علی زرداری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے ذرائع کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، پائیدار امن کیلئے تمام دیرینہ تنازعات بالخصوص جموں وکشمیر کے تنازعے کا حل ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام اور ان کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، پاکستان کو افغان سرزمین (باقی صفحہ 2 نمبر18)

ملک میں پانی کی کمی، گندم کی پیداوار متاثر ہونے کا خطرہ

ماحولیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثرہ 10 ممالک میں پاکستان شامل

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں پانی کی کمی کے باعث گندم کی پیداوار متاثر ہونے کے خطرات منڈلانے لگے۔ ملک میں ربیع سیزن میں قلتِ آب 25 فیصد سے زائد ہونے کا خدشہ ہے، پانی لینے میں حصے دار صوبوں میں پانی کی کمی بھی بانٹی جائے گی۔ ربیع کی فصلوں کیلئے درکار پانی 3.8 کروڑ ایکڑ فٹ ہے تاہم دستیاب 2.2 کروڑ ایکڑ فٹ ہے، صورتحال پر غور کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر30)

اس رجیم نے مڈل کلاس طبقے کو ذبح کر کے رکھ دیا ہے، اسد عمر کی شدید تنقید

رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے ٹیکس وصولی 38 فیصد کم، تنخواہ دار طبقے کا انکم ٹیکس 10 فیصد مزید بڑھ گیا

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے ملکی معاشی صورتحال اور ٹیکس پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس رجیم نے مڈل کلاس طبقے کو ذبح کر کے رکھ دیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں اسد عمر نے اعداد و شمار شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران تنخواہ دار طبقے کی طرف سے ادا کیے جانے والے انکم ٹیکس میں مزید 10 فیصد اضافہ ہو چکا ہے جب کہ مجموعی طور پر دیکھا جائے تو شہباز شریف (باقی صفحہ 2 نمبر29)

خطے کے انتہائی غریب افراد میں سے 48 فیصد پاکستانی شہری ہیں، عالمی بینک

کورونا وبا، 2022 کے تباہ کن سیلاب، بلند مہنگائی، کرنسی کی قدر میں کمی بڑی وجوہات قرار

واشنگٹن (جی این ایم) عالمی بینک نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (مناپ) میں بسنے والے انتہائی غریب افراد میں سے 48 فیصد صرف پاکستان میں رہتے ہیں۔ عالمی بینک کی اکتوبر 2026 کی جاری رپورٹ، تقسیم سے مواقع تک، اے آئی، جابز اور گروتھ، کے مطابق روزانہ 3 ڈالر سے کم آمدنی پر گزارا کرنے والے انتہائی غریب افراد میں سے تقریبا 48 فیصد صرف پاکستان میں ہیں۔ افغانستان، شام اور یمن ملاکر مزید 47 فیصد ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر17)

ایاز صادق کا دہشت گردوں کیخلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان اور مستونگ میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش (باقی صفحہ 2 نمبر19)

عمران خان نے خود اپنی بہن سے کہا کہ وہ ہسپتال نہیں جانا چاہتے، طلال چوہدری

اسلام آباد (جی این ایم) معروف اینکر پرسن شاہزیب خانزادہ کے پروگرام میں وزیرِ مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ساتھ ہونے والی گفتگو کا ایک دلچسپ اور اہم مباحثہ (باقی صفحہ 2 نمبر28)

ژوب، پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی شہدا جمہوریت وشہدا وطن کی برسی کے موقع پر منعقدہ عظیم الشان جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں۔

اسمبلیوں سے استعفے دیئے تو پی ٹی آئی کے 36 ایم این ایز ساتھ چھوڑ جائیں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما جنید اکبر اور وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری کے درمیان سیاسی صورتحال (باقی صفحہ 2 نمبر22)

یک مچ میں مسلح افراد نے نادرا آفس کو آگ لگادی

کوئٹہ (جی این ایم) چاغی کے علاقے یک مچ میں مسلح افراد نے پاک ایران شاہراہ پر ناکہ بندی کر کے نادرا آفس (باقی صفحہ 2 نمبر27)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر برائے امور کشمیر اور گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام ملاقات کررہے ہیں

محکمہ آبپاشی کے صوبائی کوآرڈینیٹر انجینئر سمیع بلوچ کی زیرِ صدارت آبی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ اجلاس

کوئٹہ (شمریزہ طارق عزیز، کیمونیکیشن آفیسر) صوبائی کوآرڈینیٹر انجینئر سمیع بلوچ کی زیرِ صدارت آواران ڈیم سمیت صوبے میں جاری اہم آبی و ترقیاتی منصوبوں کی پیش (باقی صفحہ 2 نمبر21)

ریاست کو یرغمال بنا کر کسی مطالبے کو نہیں منوایا جاسکتا، رانا ثنا اللہ

مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، ذاتی ایجنڈے کو قومی مفاد پر ترجیح نہ دی جائے، سیاسی رواداری کو ختم کر دیا گیا

مذاکرات میں ڈیڈلاک کا باعث بننے والی بات کو غلط پیش کیا جارہا ہے، کے پی میں کوئی نیا آپریشن نہیں ہونے جارہا، وزیراعظم کے مشیر

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ذاتی ایجنڈے کو قومی مفاد پر ترجیح نہ دی جائے، مذاکرات کیلئے حکومت کی جانب سے دروازے کھلے ہیں، ریاست کو یرغمال بنا کر اور سیاسی عدم استحکام کے رویے سے کسی بھی مطالبے کو منوایا نہیں جاسکتا، مذاکرات میں ڈیڈلاک کا باعث بننے والی بات کو غلط پیش کیا جارہا ہے، خیبر پختونخوا میں کوئی نیا آپریشن نہیں ہونے جارہا، صوبے (باقی صفحہ 2 نمبر23)

نوجوانوں کو پارلیمانی امور اور جمہوری عمل سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے: گورنر بلوچستان

یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے دائرہ کار کو بلوچستان کے تمام اضلاع تک وسعت دی جائے: جعفرخان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے وفد نے عصمت اللہ کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نوجوانوں کو پارلیمانی امور، جمہوری عمل اور پالیسی سازی سے روشناس کرانے سمیت صوبے میں نوجوانوں کیلئے موثر پلیٹ فارم کے قیام اور اسے مزید فعال بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کے تنظیمی ڈھانچے اور اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا۔ وفد کے مطابق یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کا ڈھانچہ (باقی صفحہ 2 نمبر24)

کراچی: چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کو چیئرمین پورٹ ٹرسٹ ایڈمرل شاہد احمد سوونیئر دے رہے ہیں

فیلڈ مارشل سے گوتریس کی ملاقات: سیکیورٹی، کشمیر اور سندھ طاس معاہدے پر تبادلہ خیال

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کے کردار اور خدمات کو اجاگر کیا۔

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان اور پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

راولپنڈی (جی این ایم) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی ہے جس میں علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغان دہشت گردی پر بات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ ملاقات جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال اور عالمی امن وسلامتی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے (باقی صفحہ 2 نمبر25)

اورماڑہ، رورل ہیلتھ سینٹر میں مفت آئی سرجیکل کیمپ کا انعقاد

400 سے زائد مریضوں کا معائنہ اور 50 سے زائد کامیاب آپریشن

کوئٹہ (جی این ایم) آر ایچ سی اورماڑہ میں مفت آئی سرجیکل کیمپ کا انعقاد، 400 سے زائد مریضوں کا طبی معائنہ، 50 سے زائد مریضوں کا کامیاب آپریشن اورماڑہ: رورل ہیلتھ سینٹر اورماڑہ میں آنکھوں کے مفت علاج، آپریشن اور لینس لگانے کے ایک روزہ مفت سرجیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ سرجیکل کیمپ کا باقاعدہ افتتاح معروف عالم دین مولانا مفتی محمد امین قاسمی نے فیتہ کاٹ کر کیا۔ اس موقع پر تحصیلدار اورماڑہ نور خان بلوچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی اورماڑہ محفوظ (باقی صفحہ 2 نمبر26)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
رجسٹرڈ نمبر RIO/27/353
قیمت: 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

پنشنر والد

لاہور ہائیکورٹ نے نابالغ بچوں کے نان نفقہ کی عدم ادائیگی پر پنشن کی اٹیچمنٹ کے خلاف درخواست خارج کردی۔ جسٹس جاوید اقبال وینس اور جسٹس وقار حیدر اعوان پر مشتمل بینچ نے فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ پنشنر والد کی پنشن سے نابالغ بچوں کا نان نفقہ ادا کیا جاسکتا ہے۔ عدالت کے مطابق بچوں کا نان نفقہ عام قرض نہیں بلکہ والد پر عائد قانونی ذمہ داری ہے، جو بچے اور والد کے رشتے سے پیدا ہوتی ہے، فیصلے میں کہا گیا کہ فیملی کورٹ کو نان نفقہ کی حتمی ڈگری پر عملدرآمد کیلئے پنشن اکاؤنٹ منسلک کرنیکا اختیار حاصل ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ پاکستان آرمی ایکٹ کے تحت پنشن کے تحفظ کو نابالغ بچوں کے نان نفقہ کے حق پر ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ عدالت کے مطابق نابالغ بچوں کا نان نفقہ اسلامی اصولوں اور پاکستانی قانون دونوں میں تسلیم شدہ حق ہے، فیملی کورٹ کی ڈگری والد کی پہلے سے موجود نان نفقہ کی ذمہ داری کو متعین اور نافذ کرتی ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے نابالغ بچوں کے نان نفقہ کی عدم ادائیگی پر پنشن کی اٹیچمنٹ کے خلاف درخواست خارج کردی۔ جسٹس جاوید اقبال وینس اور جسٹس وقار حیدر اعوان پر مشتمل بینچ نے فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ پنشنر والد کی پنشن سے نابالغ بچوں کا نان نفقہ ادا کیا جاسکتا ہے۔ عدالت کے مطابق بچوں کا نان نفقہ عام قرض نہیں بلکہ والد پر عائد قانونی ذمہ داری ہے۔

01

پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حق سے متعلق قرارداد منظور کرلی گئی۔ پانی کے سرحد پار تعاون سے متعلق پاکستان کو اہم سفارتی کامیابی ملی ہے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل کیا گیا ہے۔ قرارداد جرمنی اور اسپین کی جانب سے پیش کی گئی۔ پاکستان نے سرحد پار آبی تعاون کو قرارداد کے حتمی متن میں رکھنے کیلئے فعال کردار ادا کیا۔ بھارت نے قرارداد سے سرحد پار آبی تعاون کا حوالہ ختم کرنے کی کوشش کی۔ انسانی حقوق کونسل کے 47 رکن ممالک نے قرارداد کو اتفاق رائے سے منظور کیا۔ قرارداد میں پہلی بار واضح تسلیم کیا گیا کہ سرحد پار آبی تعاون محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حقوق کے حصول سے براہ راست تعلق ہے۔ قرارداد کی منظوری کے موقع پر پاکستان کی جانب سے فرسٹ سیکرٹری عدیل کھوکھر نے خطاب کرتے ہوئے مشترکہ آبی وسائل کے حوالے سے پاکستان کے اصولی موقف کو واضح کیا اور کہا کہ جہاں پانی مشترکہ ہو، وہاں ذمہ داریاں بھی مشترکہ ہوتی ہیں، مشترکہ پانیوں پر تعاون ہمسایہ ممالک کے درمیان کسی احسان یا رعایت کا معاملہ نہیں بلکہ مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بالائی دریا کا ملک پانی کو سیاسی دباؤ، اثرو رسوخ کے آلے کے طور پر استعمال نہیں کرسکتا، پانی کو سیاسی دباؤ کے آلے کے بجائے تعاون اور باہمی ذمہ داری کے اصولوں کے تحت استعمال کیا جانا چاہیے۔

02

تعلق رکھنے والے رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل کو مشیر داخلہ بنانے کا فیصلہ کرلیا' انتہائی اہم ذرائع سے معلوم ہوا کہ صوبائی کابینہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایک مہینے پہلے صوبائی کابینہ میں ردوبدل کے حوالے سے ایک فارمولا طے کیا تھا جس کا اعلان کرنا باقی تھا لیکن مسلم لیگ ن سے تعلق رکھنے والے موجودہ وزراء کی خواہش ہے کہ ہمیں اچھی وزارتیں ملے اسی طرح پیپلز پارٹی کے بھی یہی خواہش ہے تاہم دوسری جانب ڈھائی سالہ سے اس انتظار میں ہے کہ ہم صوبائی کابینہ کا حصہ بنیں لیکن وزیراعلیٰ کے دونوں جانب سے دباؤ سمجھیں یا فارمولا قابل قبول نہ ہونے کے باعث کئی بار صوبائی کابینہ میں ردوبدل التواء کا شکار ہے ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ صوبائی کابینہ میں ردوبدل نہ ہونے کا امکان ہے تاہم بی این پی مینگل سے تعلق رکھنے والے رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب جمالدینی کو مشیر داخلہ بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے جو 48 گھنٹے میں نوٹیفکیشن جاری ہونے کا امکان ہے۔ آ

03

خیبر پختونخوا اسمبلی سہیل آفریدی نے کہا کہ گورنر کی جانب سے گزشتہ روز کیا جانے والا ڈراما انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ خیبر پختونخوا میں عوام کی دو تہائی اکثریت سے منتخب حکومت موجود ہے، صوبائی اسمبلی، کابینہ اور حکومت مکمل طور پر فعال اور برقرار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر، چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا رہے ہیں، غیر آئینی اجلاس منعقد کر رہے ہیں۔ گورنر کا اس نوعیت کے اجلاس کی صدارت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے۔ پیپلز پارٹی ماضی میں بھی غلط کردار ادا کرچکی ہے، موجودہ اقدامات سے ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش نظر آرہی ہے۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ دو تہائی اکثریت والی صوبائی حکومت کی موجودگی میں گورنر کا اس طرح اجلاس منعقد کرنا ناقابل قبول ہے۔ پاکستان کو توڑنے کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ گزشتہ روز ہونے والے اجلاس کی آئینی حیثیت پر ایڈووکیٹ جنرل سے رائے لی جائے گی۔ وزیراعلیٰ کو ہٹانے کا آئینی طریقہ موجود ہے، اس کے لیے عدم اعتماد کا طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دیں گے، گورنر نے غیر آئینی کام کیا ہے۔ جمہوریت کا نعرہ لگانے والی جماعت نے ماضی میں ذاتی مفادات کے لیے بنگلا دیش کو پاکستان سے جدا کیا۔ ذاتی مفادات کو قومی مفادات پر ترجیح دینا پیپلز پارٹی کا وتیرہ رہا ہے۔ گورنر کی غیر آئینی سرگرمیوں کا مقصد صوبائی حکومت کو اشتعال دلانا اور ردعمل پر مجبور کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دوبارہ دہشتگردی مسلط کیے جانے کے بعد حالات مسلسل خراب کیے گئے ہیں۔ عمران خان اور ان کی حکومت نے ہمیشہ خیبر پختونخوا پولیس اور عوام کا ساتھ دیا ہے۔

04

فورسز کی بہترین کارروائی کا مظہر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف اس کارروائی میں بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی ایک اہم پیش رفت ہے۔ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری شدت سے جاری ہیں۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے دشمنوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی، اور دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ حکومت اور عوام مکمل طور پر متحد ہیں۔ وزیراعلیٰ نے عزم ظاہر کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الہندوستان کے خلاف یہ کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان کی پرامن سرزمین کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں انتہائی قابل قدر ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امن کے دشمنوں کو بلوچستان میں اپنے کسی بھی مذموم عزائم کی تکمیل کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

05

ورچوئل خطاب کررہے تھے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مائیکروفنانس شعبہ مالی شمولیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے، مائیکروفنانس اداروں کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم آمدنی والے طبقات تک مالی سہولتوں کی رسائی بڑھائی جائے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل مالیاتی خدمات مائیکرو فنانس کے فروغ میں اہم ذریعہ ہیں، مشرق وسطیٰ کی صورت حال سے عالمی معیشت متاثر ہوئی۔

06

کرکے قتل کیا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرکے ملزمان کی تلاش اور واقعے کی وجوہات جاننے کے لیے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

07

انجینئر امیر مقام نے ملاقات کی، جس میں آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں جاری امور اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کی ترقی اور وہاں کے عوام کی خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا، ہماری خواہش ہے کہ خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی ہو، خیبر پختونخوا کے عوام کی دہشت گردی کے خلاف قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

08

زہریلی گیس بھر جانے کے باعث جاں بحق ہوئے ہیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے دونوں بھائیوں کی شناخت محمد حسن اور محمد ہاشم پسران میرزا خان قوم ملاخیل سکنہ کلی ملا عبداللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں بھائی مبینہ طور پر گھر سے ناراض ہوکر نکلے تھے اور بعد میں ان کی لاشیں کوئلے کی ایک بند کان سے ملی ہیں۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشیں اپنی تحویل میں لے لیں اور ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردیں، جبکہ واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے۔

09

عبدالرحمان کو ٹارگٹڈ کارروائی میں ہلاک کردیا گیا۔ عبدالرحمان شہریوں پر مبینہ ظلم و تشدد، غیر قانونی گرفتاریوں، جھوٹے الزامات اور مار پیٹ میں ملوث تھا۔ دوسری جانب نیشنل موبلائزیشن فرنٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ جلال آباد میں طالبان مخالف کارروائی کے دوران ننگرہار جیل کے انٹیلی جنس سربراہ کو ہلاک کر دیا گیا۔ دوسری جانب ان کارروائیوں اور ہلاکتوں کے حوالے سے طالبان حکومت کی جانب سے فوری طور پر کوئی تصدیق یا تردید سامنے نہیں آئی۔ ان دعوں کی آزاد ذرائع سے بھی فوری طور پر تصدیق نہیں ہوسکی۔ تین دن قبل افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے دعویٰ کیا تھا کہ ستمبر کے مہینے میں طالبان رجیم کے خلاف 68 کارروائیوں کے دوران 102 افغان اہلکار ہلاک جبکہ 48 زخمی ہوئے۔ افغان انٹرنیشنل کے مطابق اس سے ایک ہفتہ قبل افغانستان فریڈم فرنٹ نے نورستان اور کنڑ میں طالبان رجیم کی متعدد چوکیوں پر قبضے اور 17 طالبان کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا تھا۔ افغان انٹرنیشنل کے مطابق تازہ لڑائی اس وقت شروع ہوئی جب طالبان نے افغانستان فریڈم فرنٹ کی پوسٹوں پر قبضے کی کوشش کی۔ افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے ایک ویڈیو جاری کرتے ہوئے قندھار کے ارغنداب ضلع کے سربند علاقے میں طالبان کے خلاف کارروائی کا دعویٰ کیا تھا۔ گروپ کے مطابق کارروائی میں طالبان کا ایک پولیس اہلکار ہلاک ہوا تاہم طالبان حکام کی جانب سے اس دعوے پر تاحال کوئی تبصرہ سامنے نہیں آیا۔

10

دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے، دہشت گردوں کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری شدت سے جاری رہیں گی۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے میں 7 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے جبکہ دہشتگرد فرار ہوگئے۔ ڈی پی او مظہر اقبال کے مطابق شادی پور میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کو ناکام بنادیا گیا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ دہشتگردوں کی فائرنگ میں 7 اہلکار زخمی ہوئے جنہیں ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے جب کہ پولیس کی بھرپور جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہوگئے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا گیا ہے اور دہشتگردوں کو جلد از جلد ڈھونڈنے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔

11

حکومت مسئلے کا حل چاہتی ہے تو عمران خان سے ملاقات کرانا ہوگی، عمران خان سے ملاقات کے بغیر مذاکرات نہیں ہوسکتے ژوب میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام شہدا سات اور گیارہ اکتوبر کی برسی کی مناسبت سے منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات کے بعد مذاکرات ختم نہیں ہوں گے بلکہ مسائل کے حل تک مذاکرات کا سلسلہ جاری رہیگا انہوں نے کہا کہ وہ ضمانت دیتے ہیں کہ عمران خان سے ملاقات کے بعد تمام مسائل کے حل تک مذاکرات جاری رکھے جائیں گے عمران خان جو کہیں گے ہم وہی بات آگے پہنچائیں گے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ عمران خان کو توڑنے کی کوشش کی گئی، مگر وہ نہیں ٹوٹے، عمران خان کو توڑنے کی کوشش ایک مجرمانہ فعل ہے جو ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ اگر شہباز شریف اور اسٹیبلشمنٹ مسئلے کا حل چاہتے ہیں تو عمران خان سے ملاقات ضروری ہے انہوں نے کہا کہ عوام کو اپنے بنیادی حقوق کے لیے متحد ہونا ہوگا، پارلیمنٹ کو بااختیار اور آئین کو مقدم ہونا چاہیے، پشتون قوم کو اپنے حقوق کے لیے سیاسی جدوجہد جاری رکھنا ہوگی۔ ملک میں برابری اور انصاف پر مبنی نظام چاہتے ہیں، سیاسی کارکنوں اور عوام کو جمہوری جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، آئین کی بالادستی کے بغیر ملک میں استحکام ممکن نہیں محمود خان اچکزئی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کیا گیا تو ملک کا ہر چوراہا بند کردیں گے، گورنر راج کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور اس کے خلاف بھرپور مزاحمت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم شہباز حکومت کو تسلیم نہیں کرتے، چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرری کے معاملے پر وزیراعظم یا اسپیکر کے دفتر میں ملاقات نہیں ہوگی، تاہم اہم تقرری کے معاملے پر نواز شریف کے مری والے گھر میں بیٹھ کر بات کرنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرری آئینی طریقہ کار کے مطابق ہونی چاہیے۔ محمود خان اچکزئی نے سیاسی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ ملک میں آئین کی بالادستی، جمہوریت اور پارلیمنٹ کی خودمختاری کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

12

ساتھ خمیس مشیط ایئر بیس کو بھی ڈرونز اور میزائلوں سے نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا تھا۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق یمن میں لڑائی میں شدت کے دوران حوثیوں نے بدھ کی صبح عدن انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو بیلسٹک میزائلوں اور دھماکا خیز مواد سے لدے ڈرونز سے نشانہ بنایا۔ یمنی وزارت ٹرانسپورٹ کے مطابق ایک میزائل ایئرپورٹ کے رن وے کے قریب اس وقت گرا جب قاہرہ سے آنے والی ایک پرواز کی لینڈنگ میں چند منٹ باقی تھے۔ حکام نے پرواز کو لینڈنگ سے روک کر جدہ کی جانب موڑ دیا، جبکہ مزید حملوں کے خدشے کے پیش نظر رن وے پر موجود دو طیاروں کو بھی وہاں سے ہٹا دیا گیا۔ عدن ایئرپورٹ یمن کے ان علاقوں کے لیے اہم بین الاقوامی ہوائی رابطہ ہے جو حوثیوں کے کنٹرول میں نہیں ہیں۔ سعودی قیادت میں قائم اتحاد کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل ترکی المالکی نے ریاض پر داغے گئے بیلسٹک میزائل کو فضا میں روک کر تباہ کرنے کا بتاتے ہوئے کہا کہ اتحاد اپنے انٹیلی جنس نظام کے ذریعے صنعا کی فضا میں میزائل لانچ کرنے والے پلیٹ فارم کی نگرانی کر رہا ہے اور اسے تباہ کردیا جائے گا۔ ادھر حوثی فوج کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل یحییٰ سریع نے سعودی عرب کے خلاف متعدد کارروائیاں کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو متعدد ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں ان کے بقول ایئرپورٹ پر فضائی آمد و رفت متاثر ہوئی۔ تاہم سعودی حکام نے فوری طور پر ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی تصدیق نہیں کی۔ یحییٰ سریع نے مزید دعویٰ کیا کہ ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور خمیس مشیط کے ایک ایئربیس کو بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا اور ان حملوں سے ابہا ایئرپورٹ پر فضائی آمد و رفت متاثر ہوئی جبکہ خمیس مشیط کے فوجی اڈے کو نقصان پہنچا۔ تاہم ان دعوؤں کی بھی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہوسکی۔ حوثی ترجمان نے دعویٰ کیا کہ سعودی عرب کے خلاف ایک کارروائی میں الجوف کے فضائی حدود میں سعودی فوج کا CH-4 مسلح جاسوس طیارہ مار گرایا گیا۔ یحییٰ سریع کے مطابق جیزان اور عسیر میں سعودی فوجی افرادی قوت کی موجودگی والے تین کیمپوں کو بھی بڑی تعداد میں بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں ان کے بقول درجنوں افراد ہلاک اور زخمی ہوئے اور متعدد اسلحہ ڈپو جل گئے۔ سعودی حکام کی جانب سے حوثیوں کے ان دعوؤں پر فوری طور پر کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔ یہ حملے یمن میں متعدد محاذوں پر لڑائی میں اضافے کے دوران ہوئے ہیں۔ خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی حمایت یافتہ یمنی حکومتی فورسز نے حوثیوں کے خلاف جوابی کارروائی شروع کی ہے، جنہوں نے حالیہ ہفتوں میں بحیرہ احمر کے ساحلی علاقوں میں پیش قدمی کی تھی۔ یمنی حکومتی فورسز نے سعودی قیادت میں اتحاد کی فضائی مدد کے ساتھ بحیرہ احمر کے ساحل، باب المندب آبنائے اور الخاشر کے اطراف میں حوثیوں کے خلاف کارروائی تیز کردی ہے۔

13

نتیجے میں پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں زیر التوا اراضی الاٹمنٹ اور دیگر منظوریوں کے معاملات کی کارروائی میں تیزی آئی ہے۔ ایس آئی ایف سی کے مطابق ستمبر 2026 کے دوران ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے پنجاب کے خصوصی اقتصادی زونز میں 34 صنعتی اداروں کی درخواستوں کی منظوری دی گئی، جن کے ذریعے 76 ارب روپے سے زائد کی سرمایہ کاری کے امکانات پیدا ہوئے ہیں جبکہ 7 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع متوقع ہیں۔ سہولت کاری کے تحت آنے والے صنعتی منصوبوں میں ٹیکسٹائل، سیرامکس، کیمیکلز، زرعی پیداوار کی قدر افزائی اور انجینئرنگ سمیت مختلف شعبے شامل ہیں۔ صنعتی سرگرمیوں کا یہ تنوع پنجاب میں ویلیو ایڈڈ پیداوار، صنعتی تنوع اور نجی شعبے کی سرمایہ کاری کے فروغ کی وسیع گنجائش کو اجاگر کرتا ہے۔

14

میں شامل 10 فیصد کسٹمز ڈیوٹی ختم کرکے حقیقی درآمدی ڈیوٹی واپس کرنے کی سفارش ہے، اوگرا اور کے پی ایم جی کو جنگی حالات کیلئے نیا خام تیل پر مبنی فارمولا بنانے کی ہدایت کردی گئی۔ پی ایس او کو ڈیزل کا واحد درآمد کنندہ بنانے، اضافی لاگت آئی ایف ای ایم سے ادا کرنے کی تجویز ہے، فریٹ لاگت کم کرنے اور ڈی ریگولیشن کیلئے ملک بھر کے ڈپوئیٹ ورک کا جائزہ مکمل کرلیا گیا، آئی ایف ای ایم فریٹ پول سے 6 ڈپو نکالنے کا فیصلہ کرلیا گیا، متعدد مقامات متاثر ہوں گے۔ اوگرا آئل کمپنیوں کو متعلقہ ڈپوز پر مصنوعات ذخیرہ برقرار رکھنے کی ہدایت کرے گا، یکم جنوری 2027 سے 6 ڈپو آئی ایف ای ایم فریٹ کیلکولیشن سے خارج ہوں گے، اوگرا دسمبر 2026 تک فریٹ ایکولائزیشن فارمولے میں ضروری ترامیم مکمل کرے گا۔ دوسری جانب ڈیزل کے برعکس پیٹرول کی موجودہ قیمتوں کا نظام برقرار رہے گا فوری تبدیلی نہ کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں 30 جون 2027 تک پیٹرول مارکیٹ کی مکمل ڈی ریگولیشن کا ہدف مقرر ہے، پیٹرول ڈی ریگولیشن کیلئے مرحلہ وار روڈ میپ تیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اوگرا کو آئل سیکٹر کنسولیڈیشن پر جامع پالیسی بیان جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

15

نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے غیرقانونی طریقے سے براستہ اورماڑہ ایران جانے کی کوشش کرنے والے ڈرائیور سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی مکران رینج عمران قریشی اور ایس ایس پی گوادر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) عطاالرحمٰن کی بالخصوص ہدایات جبکہ ڈی ایس پی اورماڑہ نبی بخش رونجو کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر اورماڑہ سب انسپکٹر فضل محمد نے پاک آرمی کے ہمراہ اورماڑہ زیرو پوائنٹ پر دوران اسنیپ چیکنگ ایک مشکوک سفید رنگ کی کرولا کار (نمبری BEM-226) کو روک کر تلاشی لی۔ تلاشی کے دوران کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر بیرون ملک جانے والے 4 افراد کو تحویل میں لے لیا گیا۔ گرفتار ملزمان میں ڈرائیور الٰہی بخش ولد محمد حیات سکنہ شرائی گوٹھ کراچی، صابر حسین ولد امجد حسین، محمد آصف ولد شبیر حسین، اور محمد صیب ولد شہزاد حسین سکنہ پسرور، ضلع سیالکوٹ شامل ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق ملزمان کے خلاف تھانہ صدر اورماڑہ میں ابتدائی قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد مزید تفتیش اور قانون کے مطابق آگے کی کارروائی کے لیے انہیں وفاقی تحقیقاتی ادارے FIA کے حوالے کیا جارہا ہے۔ پولیس ترجمان کا کہنا تھا کہ علاقے میں غیر قانونی سرگرمیوں اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔

16

قومی مفادات کے تحفظ اور علاقائی امن وسلامتی کیلئے قریبی ادارہ جاتی ہم آہنگی پر اتفاق کیا گیا۔

17

یعنی ان 4 ممالک پر خطے کے انتہائی غریبوں کا تقریبا 95 فیصد بوجھ ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت مزید بڑھ گئی ہے جبکہ رواں مالی سال کے دوران مجموعی اقتصادی شرح نمو 3.8 فیصد رہنے اور مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ معاشی ایڈجسٹمنٹ کے طویل دورنے افراد کی حقیقی آمدنی اور روزگار کے مواقع کو مزید کم کیا ہے۔ عالمی بینک کے مطابق پاکستان میں 2018 سے 2025 کے دوران روزانہ 3 ڈالر کمانے والے غریب افراد کی شرح میں 6.4 فیصد پوائنٹس اضافہ ہوا جبکہ روزانہ 4.20 ڈالر آمدنی والے افراد میں یہ اضافہ 3.2 فیصد پوائنٹس رہا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت میں اضافے کی بڑی وجوہات میں کورونا وبا، 2022 کے تباہ کن سیلاب، بلند مہنگائی، کرنسی کی قدر میں کمی اور طویل معاشی ایڈجسٹمنٹ شامل ہیں۔ عالمی بینک کے مطابق روزانہ 3 ڈالر سے کم آمدنی رکھنے والے غریب افراد کی شرح جبوتی، پاکستان، شام اور یمن میں 20 فیصد یا اس سے زیادہ کے قریب پہنچ چکی ہے۔

18

سے سرگرم دہشتگرد گروہوں کی جانب سے مسلسل دہشتگردی کا سامنا ہے۔ صدر مملکت کا کہنا تھا کہ افغان سرزمین پاکستان یا کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے، علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات کا کوئی متبادل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام اور ان کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، پاکستان کو افغان سرزمین سے سرگرم دہشتگرد گروہوں کی جانب سے مسلسل دہشتگردی کا سامنا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ انتونیو گوتریس کا پاکستان کا اعلیٰ قومی اعزاز ملنے پر شکریہ ادا کیا جبکہ صدر مملکت نے یو این سیکرٹری جنرل سے ملاقات میں عالمی امن، مکالمے کے لئے ان کی کوششوں کو سراہا۔

19

کیا ہے۔ بدھ کو ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خوارجی دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں 13 اور مستونگ میں 5 خوارجی دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنا قابل ستائش ہے، سکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائیوں کے ذریعے دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ سپیکر نے کہا کہ قوم کو اپنی بہادر سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، دہشتگردی کے خاتمے کے لیے سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ملک میں پائیدار امن واستحکام کے لیے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک فتنۃ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

20

کی تلاش کے لیے کوششیں جاری ہیں دوسری جانب واقعے کے حوالے سے سرکاری سطح پر تاحال کوئی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ حکام کی جانب سے اسداللہ ریکسانی کے لاپتہ ہونے کی وجوہات یا موجودہ صورتحال کے بارے میں کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اہل خانہ اور متعلقہ حلقے سرکاری تصدیق اور مزید معلومات کے منتظر ہیں۔

21

رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈیمز کی بحالی، پانی کی قلت، جاری کام اور منصوبوں سے عوام کو حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آواران ڈیم کے پراجیکٹ ڈائریکٹر نثار احمد، ڈپٹی پراجیکٹ ڈائریکٹر عدیل، متعلقہ ایس ڈی اوز، کمیونیکیشن آفیسر شہریزہ طارق عزیز، انجینئر مہلب سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔ متعلقہ افسران نے منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور جاری سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں آواران ڈیم کے علاوہ پٹ فیڈر، گیشکو، سنی گڑھ خضدار، وندر ڈیم، 100 ڈیمز، تپوک ڈیم، شیزیک ڈیم اور گروک ڈیم سمیت 13 وفاقی منصوبوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ انجینئر سمیع بلوچ نے منصوبوں کی باقاعدہ نگرانی اور فالو اپ جاری رکھنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ آبی منصوبوں کی بروقت پیش رفت اور مؤثر نگرانی ضروری ہے تاکہ پانی کے ذخائر کو بہتر انداز میں محفوظ بنایا جاسکے اور ان کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں پانی کی دستیابی، زرعی سرگرمیوں، مال مویشی اور مقامی معیشت پر آبی منصوبوں کے مثبت اثرات کا بھی جائزہ لیا گیا، جبکہ متعلقہ افسران کو منصوبوں کی پیش رفت کے حوالے سے مسلسل رابطہ کاری اور فالو اپ برقرار رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

22

گورنر راج کی دھمکیوں اور ممکنہ استعفوں کے حوالے سے سخت جملوں کا تبادلہ ہوا ہے۔ سینئر صحافی حامد میر کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے جنید اکبر نے اعلان کیا کہ اگر خیبر پختونخواہ میں گورنر راج یا ایمرجنسی نافذ کی گئی تو پی ٹی آئی اسمبلی اسمبلی نہیں کھیلے گی بلکہ فوری طور پر تمام اسمبلیوں سے استعفے دے دیے جائیں گے۔ اس پر طارق فضل چوہدری نے دعویٰ کیا کہ اگر پی ٹی آئی نے استعفے دیے تو ان کے اپنے 36 ارکان قومی اسمبلی ان کا ساتھ چھوڑ جائیں گے، جس کے جواب میں جنید اکبر نے کہا کہ 36 ہوں یا 56، ہم استعفے ضرور دیں گے۔ لانگ مارچ کسی کے کہنے پر شروع نہیں کیا گیا تھا کہ اسے کسی کے کہنے پر ملتوی کر دیا جائے۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ حکومت نے ان کی مذاکرات کی خواہش کو کمزوری سمجھا، اسمبلی میں ان کی تقاریر غائب کردی جاتی ہیں اور انہیں سیاسی اسپیس نہیں دی جا رہی، ہم اپنی حکومت بچا بھی سکتے ہیں اور اسے پھونک بھی سکتے ہیں، اگر حکومت نے گورنر راج جیسا کوئی قدم اٹھایا تو ہمیں الٹا آسانی ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی جانب سے میں خود ان تمام لوگوں کی مذمت کرتا ہوں جو دہشت گردوں کو سپورٹ کرتے ہیں یا جنہوں نے اسامہ بن لادن سے بھی پیسے لیے۔ خیبر پختونخواہ میں ہمارے وزرا اور ارکان اسمبلی نے دہشت گردی کا سب سے زیادہ نقصان اٹھایا اور ان کے عزیز واقارب شہید ہوئے، ماضی میں طالبان کو افغانستان سے مذاکرات کے لیے لانے والوں اور ہیلی کاپٹر بھر کر لے جانے والوں کی فہرست دنیا کو دکھائی جائے، اس وقت پی ٹی آئی کا کون سابندہ اس میں شامل تھا۔

23

کے عوام کو لانگ مارچ مسترد کردیا۔ بدھ کو اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم اپوزیشن سے مذاکرات کے لیے بیٹھنے کی بات کرچکے ہیں اور اب تمام معاملات کو حل کیا جانا چاہیے۔ رانا ثنااللہ نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ کسی بھی صورت ریاست کو یرغمال بنا کر اور سیاسی عدم استحکام کے رویے سے کسی بھی مطالبے کو منوایا نہیں جاسکتا، پاشا صاحب کے کامیاب تجربے کے بعد پی ٹی آئی کو شناخت ملی، پی ٹی آئی گالم گلوچ اور عدم برداشت کے کلچر کو فروغ دینے میں کامیاب رہی، اب بھی سوشل میڈیا اور میڈیا پر ایسی صورتحال پیدا کردی جاتی ہے۔ مشیر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سیاسی رواداری کو ختم کردیا گیا، پی ٹی آئی نے ایک سیاسی جماعت کے طور پر اپنے اس ایجنڈے کو آگے بڑھایا ہے، 2014 کے بعد سے پی ٹی آئی اسلام آباد کا گھیراؤ ہمیشہ کرنا چاہتی ہے، جس کیلئے خیبر پختونخوا حکومت کے تمام وسائل استعمال کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف شہدا کے لاشے پڑے ہیں، کیا کسٹم اور پولیس کے شہدا ن لیگ کے ہیں وہ خیبر پختونخوا میں کے باشندے ہیں۔ مسلح افواج کے شہدا کی بڑی تعداد خیبر پختونخوا سے ہے۔ رانا ثنااللہ نے پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت ڈھول بجا کر لوگوں کو اکٹھا کررہی تھی اور ورغلا رہی تھی مگر صوبے کے عوام نے اس کو مسترد کردیا، جب سے لانگ مارچ شروع کیا کسی جگہ پہ چند ہزار سے زیادہ لوگ اکٹھے نہیں کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ کیمپس کے لئے کروڑوں روپے اکٹھے کیے گئے مگر وہاں لیٹنے کیلئے دریاں تک نہیں تھیں، خیبر پختونخوا کی حکومت کو باور کروایا گیا سمجھایا گیا مگر وہ کہتے ہیں کہ میرا ایجنڈا لوگوں کی خدمت نہیں بلکہ عشق عمران میں مرنا ہے۔ ان کو انگیج کرنے کی کوشش کی گئی اور مذاکرات میں ان سے بات ہوئی۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ مذاکرات میں ڈیڈلاک کا باعث بننے والی بات کو غلط طور پر پیش کیا جارہا ہے، سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پالیسی میں ہمارا نقطہ نظر شامل نہیں کیا گیا یہ بالکل غلط تاثر دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پی ٹی آئی اور وفاقی حکومت کے درمیان لانگ مارچ روکنے کے لئے ہونے والے مذاکرات کسی معاہدے پر پہنچے بغیر ختم ہوگئے تھے۔ کئی گھنٹوں تک جاری رہنے والی بات چیت کے بعد دونوں جانب سے دعوے اور الزامات عائد کیے جا رہے ہیں جبکہ پی ٹی آئی کی جانب سے لانگ مارچ جاری ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پالیسی تو پہلے سے بنی ہوئی ہے، مسلح افواج اسے بڑی کامیابی سے آگے بڑھا رہی ہے۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پہلے سے ہو رہے ہیں جن پر ان کو اعتراض ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خیبر پختونخوا میں کوئی نیا آپریشن نہیں ہونے جارہا اور کوئی آئی ڈی پیز نہیں بنیں گے، فیلڈ مارشل اور وفاقی حکومت پہلے کہہ چکی ہے کہ کوئی نئے آئی ڈی پیز نہیں بنانے جا رہے ہے۔ دوسرا مطالبہ افغانستان سے ہے کہ آپ اپنی سرزمین دہشتگردی کے خلاف استعمال نہ ہونے دیں، ہمارے دوست ممالک سعودی عرب، قطر، چین نے اپنی بھرپور کوشش کی اور افغان رجیم کو سمجھایا۔ افغان رجیم تیار نہیں ہوئے وزیر دفاع 2 مرتبہ اس میٹنگ کے لیے استنبول گئے۔ پاکستان کی پالیسی ہے افغان سرزمین سے اگر پاکستان میں دہشتگردی کے لیے کوئی منصوبہ بنتا ہو تو اسے ختم کریں گے، ہم نے ثبوت کے ساتھ محدود کارروائیاں کیں ہیں۔ ایپکس کمیٹی کا صوبائی سربراہ وزیراعلیٰ ہوتا ہے اور سہیل آفریدی نے 11 ماہ میں صرف ایک میٹنگ کی، اس صورتحال میں ضروری ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جو پالیسی ہے اس پر عمل ہو۔ اس پالیسی کی کامیابی میں ہی صوبائی حکومت کی غیر حاضری مسلح افواج کا کام دہشتگردوں کو ختم کرنا ہے اور بعد میں نظام سول ایڈمنسٹریشن نے سنبھالنا ہے مگر وہاں تو 5 اضلاع میں پولیس اسٹیشن ہی نہیں ہیں، 17 ہزار پولیس کی آسامیاں خالی ہیں۔ سی ٹی ڈی کے 3300 لوگ ہیں جس میں سے 25 مستقل اور باقی کنٹریکٹ پر ہیں، پولیس اور سی ٹی ڈی کو بجٹ ہی نہیں دیا جا رہا، پاکستان کا یہ کام اور کروڑوں لوگوں کی جان کی حفاظت کون کرے گا؟ اس صورتحال کو زیادہ دیر آگے نہیں چلایا جاسکتا۔ اب پولیس نے بھی بہت جرات سے کام لیا ہے اور ان کے لوگ بھی شہید ہورہے ہیں، موجودہ آئی جی پولیس مبارکباد کے مستحق ہیں۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ سعودی عرب، قطر، چین، ترکیے نے افغان رجیم کو سمجھانے کی کوشش کی، افغان رجیم کو سمجھایا گیا کہ کوشش کریں آپ کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو، پاکستان کے تمام حقائق کو تسلیم کیا گیا لیکن گارنٹی دینے کو تیار نہیں۔

24

پاکستان کی منتخب پارلیمنٹ کی طرز پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد نوجوانوں کو پارلیمانی طریقہ کار، قانون سازی، بحث ومباحثہ اور جمہوری اداروں کے کام سے عملی طور پر آگاہ کرنا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان نے کہا کہ نوجوان ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں فیصلہ سازی، جمہوری اقدار اور پارلیمانی نظام کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو سیاسی وسماجی معاملات پر مثبت اور تعمیری مکالمے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ مستقبل میں ذمہ دار شہری اور مدبرانہ قیادت کا کردار ادا کرسکیں۔ گورنر نے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کو ہدایت کی کہ بلوچستان بھر میں اس پلیٹ فارم کو مزید فعال اور متحرک بنایا جائے اور اس کے دائرہ کار کو صوبے کے مختلف اضلاع تک وسعت دی جائے۔ انہوں نے نوجوانوں میں قیادت، تحقیق، مکالمے، تنقیدی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کے فروغ کیلئے تربیتی پروگرام، مباحثے، موک سیشن اور مطالعاتی سرگرمیاں منعقد کرنے پر بھی زور دیا۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ نوجوانوں کو بلوچستان کے تعلیمی، معاشی، سماجی اور ترقیاتی مسائل پر اپنی آراء پیش کرنے اور پالیسی سازی کے عمل کو سمجھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ نوجوانوں کو مختلف شعبوں سے متعلق مسائل پر بحث، تجاویز کی تیاری اور اجتماعی طور پر حل تلاش کرنے کی مشق فراہم کرسکتی ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان تخلیقی صلاحیتوں سے معمور ہیں اور ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں مناسب رہنمائی، تربیت اور ضروری مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کی سرگرمیوں میں تعلیمی اداروں، نوجوانوں کی تنظیموں اور سول سوسائٹی کو بھی شامل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو یوتھ لیڈرز پارلیمنٹ کی مستقبل کی سرگرمیوں اور صوبے میں اس کے نیٹ ورک کو وسعت دینے کے لائحہ عمل سے بھی آگاہ کیا۔

25

کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روکنے اور افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کے کردار اور خدمات کو اجاگر کیا۔ آرمی چیف نے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت میں امن، استحکام اور انسانی تعاون کے فروغ کے لیے اقوام متحدہ کے کردار کو سراہا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان اور پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انتونیو گوتریس نے عالمی امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے مسلسل عزم کو بھی سراہا اور علاقائی تنازعات کے پرامن حل کے لیے پاکستان کی کوششوں کی خصوصی طور پر تعریف کی۔ پاکستانی تاریخ

26

بلوچ، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر علی اکبر، ڈاکٹر موسیٰ، ڈاکٹر سفر خان، ڈاکٹر حسین بخت، ڈاکٹر نور ظہیر، ڈاکٹر جعفر بلوچ، ڈاکٹر صدیق، ڈاکٹر ثاقب اور سیف اللہ بلوچ سمیت دیگر طبی ماہرین اور عملہ موجود تھا۔ اس کے علاوہ علاقے کی معروف سیاسی وسماجی شخصیات سلیم روشن، حاجی محمد سلیم، عبدالحمید، ہیڈ ماسٹر صادق علی، سلطان بجل، زبیر مسافر علی سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ اس فری آئی سرجیکل کیمپ کا اہتمام لیپروسی بلائنڈ نیس کنٹرول پروگرام ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام کیا گیا۔ جبکہ اسے بین الاقوامی تنظیموں سی بی ایم (گلوبل ڈس ایبلٹی انکلوژن) اور ایم اے ایل سی (میری ایڈیلائیڈ لیپروسی سینٹر) کے باہمی تعاون واشتراک سے منعقد کیا گیا کیمپ میں کوئٹہ سے آئے ہوئے آئی اسپیشلسٹس نے اورماڑہ اور گردونواح کے 400 سے زائد مریضوں کی آنکھوں کا مفت معائنہ کیا جن میں مرد وخواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ اس موقع پر 50 سے زائد مستحق افراد کے موتیابند کے مفت آپریشن کر کے لینس منتقل کیے گئے اور تمام مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ علاقائی عوام نے اس رفاہی کاوش کو انتہائی سراہتے ہوئے محکمہ صحت اور متعلقہ بین الاقوامی تنظیموں کا شکریہ ادا کیا۔

27

کو نذر آتش کردیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مسلح افراد میں خواتین بھی شامل تھیں اطلاع ملنے پر پولیس اور سکیورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔

28

سامنے آیا ہے، جس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت اور ان کے ہسپتال نہ جانے کے فیصلے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پروگرام کے دوران طلال چوہدری نے انکشاف کیا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنی بہن سے ملاقات میں کہا ہے کہ وہ ہسپتال نہیں جانا چاہتے اس پر شاہزیب خانزادہ نے سوال اٹھایا کہ تو کیا وہ ہسپتال نہیں جانا چاہتے؟ جس پر طلال چوہدری نے تصدیق کرتے ہوئے جواب دیا کہ جی وہ بالکل ٹھیک اور فٹ ہیں، وہ خود اپنی مرضی سے ہسپتال نہیں جانا چاہتے۔ اس پر اپنا تجزیہ پیش کرتے ہوئے شاہزیب خانزادہ نے تبصرہ کیا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں تو لوگ بغیر بیمار ہوئے بھی ہسپتالوں کا رخ کرتے رہے ہیں، لیکن ایک ایسا قیدی جو قید تنہائی میں ہے، جسے بلڈ پریشر کا مسئلہ بھی ہے اور جس کے بارے میں ماضی میں یہ تاثر دیا جاتا تھا کہ وہ تنہائی کی قید برداشت نہیں کرپائے گا، اگر آج وہ خود ہسپتال جانے سے انکار کررہے ہیں اور بالکل فٹ ہیں، تو کیا یہ بات ان کے کریڈٹ میں نہیں جاتی؟

29

کے وزیراعظم بننے کے بعد سے لے کر اب اس طبقے پر ٹیکس کا بوجھ تین گنا سے بھی زیادہ بڑھ چکا ہے۔ اس کے برعکس ریئل اسٹیٹ کے شعبے کا ذکر کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پہلے ہی کم ٹیکس دینے والے ریئل اسٹیٹ سیکٹر سے پہلی سہ ماہی میں ٹیکس وصولی میں 38 فیصد کی واقع ہوئی ہے، اسد عمر نے کہا کہ اس ظالمانہ نظام اور پالیسیوں سے موجودہ رجیم نے متوسط طبقے یعنی مڈل کلاس کو ذبح کر کے رکھ دیا ہے۔ علاوہ ازیں سابق وزیر اسد عمر نے کہا کہ ہر مسئلہ کیل نہیں اور ہر مسئلے کا حل ہتھوڑا نہیں، بہت سے بے گناہ پختونوں کا خون بہہ چکا اور بہت سے فوجی جوان اپنی جان نچھاور کرچکے، وزیر داخلہ 72 گھنٹوں کی دھمکی کی بجائے مشران کے ساتھ بیٹھیں، خدارا! اس ملک کے لوگوں کی زندگیوں پر سیاست نہ کریں، دہشتگردی پر کسی صورت سمجھوتہ ممکن نہیں، اس کے لئے نومبر 2025 میں پختون خوا کے مشران کا جرگہ ہوا اور مکمل اتفاق رائے سے اعلامیہ جاری ہوا۔ انہوں نے یاد دہانی کروائی کہ اس جرگہ میں صوبائی حکومت کے علاوہ مسلم لیگ، پیپلز پارٹی، جے یو آئی، جماعت اسلامی، عوامی نیشنل پارٹی اور صوبے کی تمام پارٹیاں موجود تھیں اور اعلامیہ پران کے نمائندوں نے دستخط کیے، یہ اعلامیہ دہشتگردی ختم کرنے کی کاوش کی بنیاد ہونا چاہیے، وزیر داخلہ 72 گھنٹوں کی دھمکی کے بجائے ان تمام مشران کے ساتھ بیٹھیں، سب سے پہلے جائزہ لیں کہ اعلامیہ کے مطابق وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے اپنی ذمہ داری پوری کی؟ جس کی بھی کوتاہی ہو اس کی سرزنش کی جائے۔

30

رواں ہفتے میں ہی انڈس ریور سسٹم اتھارٹی کا اہم اجلاس بھی متوقع ہے۔ ماہرین کے مطابق بڑے ذخائر کی تعمیر میں تاخیر، بارشوں میں مسلسل کمی اور بھارتی آبی جارحیت بڑھتے آبی بحران کی بڑی وجوہات ہیں۔ واضح رہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے باعث پوری دنیا اور بالخصوص پاکستان انتہائی زیادہ متاثر ہورہا ہے، کیونکہ ماحولیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے 10 ممالک میں پاکستان شامل ہے۔

31

کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیوں کے ذریعے قوم کے عزم اور حوصلے کی عکاسی کی ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 13 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی میں 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر بھی سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر اور فیصلہ کن کارروائیوں کے ذریعے قوم کے عزم اور حوصلے کی عکاسی کی ہے، یہ کارروائیاں دہشت گرد عناصر کے خلاف پختہ عزم کا واضح اظہار ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشتگردوں کے غیر ملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا۔

32

رجسٹرڈ کمپنی کی جعلی مصنوعات تیار اور فروخت کرنے میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے لاہور زون کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت اکرام اللہ کے نام سے ہوئی ہے، جسے چھاپہ مار کارروائی کے دوران شاہ عالم مارکیٹ لاہور سے گرفتار کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے معروف رجسٹرڈ کمپنی کی بھاری تعداد میں جعلی مصنوعات برآمد کی گئیں۔ ترجمان نے بتایا کہ ملزم بغیر اجازت رجسٹرڈ کمپنی کی مصنوعات تیار اور فروخت کرنے میں ملوث پایا گیا۔ ایف آئی اے نے ملزم کو گرفتار کرکے مزید تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔

33

چھوڑ سکتے، طالبان کے ساتھ مل کر پی ٹی آئی کو اسلام آباد پر لشکر کشی نہیں کرنے دیں گے، اسلام آباد کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ گورنر راج لگنے سے پی ٹی آئی سیاسی شہید کہلائے گی یا نہیں، یہ توقت بتائے گا، اگر ایک شخص کی خوشی کے لیے ملک کا شیرازہ بکھیرنا چاہتے ہیں تو یہ قبول نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کے پی حکومت کی لیڈرشپ سے خدانخواستہ علیحدگی کی توقع کی جاسکتی ہے، پی ٹی آئی کے اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے ہیں، پی ٹی آئی کے اپنے لوگ چاہتے ہیں کہ اس مسئلے کا کوئی حل نکلے۔

34

پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حق سے متعلق قرارداد منظور کرلی گئی۔ پانی کے سرحد پار تعاون سے متعلق پاکستان کو اہم سفارتی کامیابی ملی ہے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل کیا گیا ہے۔ قرارداد جرمنی اور اسپین کی جانب سے پیش کی گئی۔ پاکستان نے سرحد پار آبی تعاون کو قرارداد کے حتمی متن میں رکھنے کیلئے فعال کردار ادا کیا۔ بھارت نے قرارداد سے سرحد پار آبی تعاون کا حوالہ ختم کرنے کی کوشش کی۔ انسانی حقوق کونسل کے 47 رکن ممالک نے قرارداد کو اتفاق رائے سے منظور کیا۔ قرارداد میں پہلی بار واضح تسلیم کیا گیا کہ سرحد پار آبی تعاون محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حقوق کے حصول سے براہ راست تعلق ہے۔ قرارداد کی منظوری کے موقع پر پاکستان کی جانب سے فرسٹ سیکرٹری عدیل کھوکھر نے خطاب کرتے ہوئے مشترکہ آبی وسائل کے حوالے سے پاکستان کے اصولی موقف کو واضح کیا اور کہا کہ جہاں پانی مشترکہ ہو، وہاں ذمہ داریاں بھی مشترکہ ہوتی ہیں، مشترکہ پانیوں پر تعاون ہمسایہ ممالک کے درمیان کسی احسان یا رعایت کا معاملہ نہیں بلکہ مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بالائی دریا کا ملک پانی کو سیاسی دباؤ، اثرو رسوخ کے آلے کے طور پر استعمال نہیں کرسکتا، پانی کو سیاسی دباؤ کے آلے کے بجائے تعاون اور باہمی ذمہ داری کے اصولوں کے تحت استعمال کیا جانا چاہیے۔

35

تعلق رکھنے والے رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل کو مشیر داخلہ بنانے کا فیصلہ کرلیا' انتہائی اہم ذرائع سے معلوم ہوا کہ صوبائی کابینہ میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے ایک مہینے پہلے صوبائی کابینہ میں ردوبدل کے حوالے سے ایک فارمولا طے کیا تھا جس کا اعلان کرنا باقی تھا لیکن مسلم لیگ ن سے تعلق رکھنے والے موجودہ وزراء کی خواہش ہے کہ ہمیں اچھی وزارتیں ملے اسی طرح پیپلز پارٹی کے بھی یہی خواہش ہے تاہم دوسری جانب ڈھائی سالہ سے اس انتظار میں ہے کہ ہم صوبائی کابینہ کا حصہ بنیں لیکن وزیراعلیٰ کے دونوں جانب سے دباؤ سمجھیں یا فارمولا قابل قبول نہ ہونے کے باعث کئی بار صوبائی کابینہ میں ردوبدل التواء کا شکار ہے ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ صوبائی کابینہ میں ردوبدل نہ ہونے کا امکان ہے تاہم بی این پی مینگل سے تعلق رکھنے والے رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب جمالدینی کو مشیر داخلہ بنانے کا فیصلہ کرلیا ہے جو 48 گھنٹے میں نوٹیفکیشن جاری ہونے کا امکان ہے۔ آ

36

خیبر پختونخوا اسمبلی سہیل آفریدی نے کہا کہ گورنر کی جانب سے گزشتہ روز کیا جانے والا ڈراما انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ خیبر پختونخوا میں عوام کی دو تہائی اکثریت سے منتخب حکومت موجود ہے، صوبائی اسمبلی، کابینہ اور حکومت مکمل طور پر فعال اور برقرار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر، چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا رہے ہیں، غیر آئینی اجلاس منعقد کر رہے ہیں۔ گورنر کا اس نوعیت کے اجلاس کی صدارت کرنا آئین اور جمہوریت پر حملہ ہے۔ پیپلز پارٹی ماضی میں بھی غلط کردار ادا کرچکی ہے، موجودہ اقدامات سے ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش نظر آرہی ہے۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ دو تہائی اکثریت والی صوبائی حکومت کی موجودگی میں گورنر کا اس طرح اجلاس منعقد کرنا ناقابل قبول ہے۔ پاکستان کو توڑنے کی کسی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ گزشتہ روز ہونے والے اجلاس کی آئینی حیثیت پر ایڈووکیٹ جنرل سے رائے لی جائے گی۔ وزیراعلیٰ کو ہٹانے کا آئینی طریقہ موجود ہے، اس کے لیے عدم اعتماد کا طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی کو جمہوریت پر شب خون مارنے کی اجازت نہیں دیں گے، گورنر نے غیر آئینی کام کیا ہے۔ جمہوریت کا نعرہ لگانے والی جماعت نے ماضی میں ذاتی مفادات کے لیے بنگلا دیش کو پاکستان سے جدا کیا۔ ذاتی مفادات کو قومی مفادات پر ترجیح دینا پیپلز پارٹی کا وتیرہ رہا ہے۔ گورنر کی غیر آئینی سرگرمیوں کا مقصد صوبائی حکومت کو اشتعال دلانا اور ردعمل پر مجبور کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دوبارہ دہشتگردی مسلط کیے جانے کے بعد حالات مسلسل خراب کیے گئے ہیں۔ عمران خان اور ان کی حکومت نے ہمیشہ خیبر پختونخوا پولیس اور عوام کا ساتھ دیا ہے۔

37

فورسز کی بہترین کارروائی کا مظہر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف اس کارروائی میں بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی ایک اہم پیش رفت ہے۔ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں پوری شدت سے جاری ہیں۔ میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں امن واستحکام کے دشمنوں کو کسی صورت رعایت نہیں دی جائے گی، اور دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ حکومت اور عوام مکمل طور پر متحد ہیں۔ وزیراعلیٰ نے عزم ظاہر کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک فتنہ الہندوستان کے خلاف یہ کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔ بلوچستان کی پرامن سرزمین کو دہشت گرد عناصر سے پاک کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیابیاں انتہائی قابل قدر ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ امن کے دشمنوں کو بلوچستان میں اپنے کسی بھی مذموم عزائم کی تکمیل کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔

38

ورچوئل خطاب کررہے تھے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مائیکروفنانس شعبہ مالی شمولیت کے فروغ میں اہم کردار ادا کررہا ہے، مائیکروفنانس اداروں کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو فروغ دیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم آمدنی والے طبقات تک مالی سہولتوں کی رسائی بڑھائی جائے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل مالیاتی خدمات مائیکرو فنانس کے فروغ میں اہم ذریعہ ہیں، مشرق وسطیٰ کی صورت حال سے عالمی معیشت متاثر ہوئی۔

39

یعنی ان 4 ممالک پر خطے کے انتہائی غریبوں کا تقریبا 95 فیصد بوجھ ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں غربت مزید بڑھ گئی ہے جبکہ رواں مالی سال کے دوران مجموعی اقتصادی شرح نمو 3.8 فیصد رہنے اور مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

01

روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ جرمن سفیر نے جی ایس پی پلس سے متعلق پاکستان کی اصلاحاتی پیش رفت کو سراہا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے۔ ملاقات میں رانا احسان افضل نے جرمن سفیر کے سامنے پاکستانی باسمتی چاول کے جغرافیائی شناخت (جی آئی) کا معاملہ بھی اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ باسمتی کے کاشتکاروں، پروڈیوسرز اور برآمدکنندگان کے مفادات کے تحفظ ضروری ہے۔ رانا احسان افضل کے مطابق پاکستانی باسمتی کے جی آئی کیس کی مضبوط قانونی، تاریخی اور تجارتی بنیادیں ہیں۔ جرمن سفیر نے جغرافیائی شناخت کے موثر تحفظ کو زرعی برآمدات کے لیے اہم قرار دیا۔ جرمن سفیر نے کہا کہ پاکستان میں زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں۔ جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو نومبر میں کراچی میں ہونے والی فوڈ ایگ 2026 میں شرکت کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ فوڈ ایگ پاکستان اور جرمنی کے درمیان کاروباری شراکت داری کے لئے اہم پلیٹ فارم ہوگا۔ جرمن سفیر نے فوڈ ایگ میں جرمن کمپنیوں کی شرکت کی دعوت کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں لائیو اسٹاک کی تجارتی نمائش کے لیے پاکستانی کاروباری وفد کی تیاری جاری ہے۔ جرمن سفیر نے جام کمال خان کو 29 سے 31 اکتوبر کو سیول میں ہونے والی ایشیا پیسیفک کانفرنس آف جرمن بزنس میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ جام کمال خان نے کانفرنس میں شرکت کے امکانات کا جائزہ لینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

02

کے متعدد مواقع ضائع کر چکا ہے، ایران آبنائے ہرمز پر مکمل قبضہ کھو چکا جبکہ معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ یونان کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ امریکہ کے لئے وہی معاہدہ قابل قبول ہوگا جو اس بات کی ضمانت دے کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا۔ ایران اپنے جوہری پروگرام پر امریکا کے ساتھ معاہدے تک پہنچنے کیلئے ملنے والے متعدد مواقع سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہا ہے۔ تیل کی ترسیل میں اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ اس وقت تقریباً اتنا ہی تیل باہر جا رہا ہے جتنا اس تنازع سے پہلے جاتا تھا۔ وہ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کھو چکے ہیں۔ جبکہ ایران کی معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ مارکو روبیو کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کی اسلامی پاسداران انقلاب کی جانب سے اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں کو مسلسل حملوں کا نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

03

اور ملکیتی حق ظاہر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ زمین کی ملکیت سے متعلق ضروری دستاویزات اور شواہد متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے جا چکے ہیں، تاہم تاحال مسئلہ حل نہیں ہو سکا۔ انہوں نے بتایا کہ معاملے کے حل کے لیے متعلقہ حکام اور ذمہ دار افراد سے رابطے کے علاوہ مقامی سطح پر جرگے اور دیگر ذرائع سے بھی کوششیں کی گئیں، تاہم کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آیا۔ سید بقا محمد شاہ نے مطالبہ کیا کہ زمین کی مکمل چھان بین کر کے اصل حقائق سامنے لائے جائیں اور تمام فریقین کا مؤقف سننے کے بعد قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر اراضی ان کی ملکیت ثابت ہوتی ہے تو انہیں قانونی طور پر قبضہ واپس دلایا جائے اور غیر قانونی مداخلت کا راستہ روکا جائے۔

04

ہوتے، فرد جرم عائد نہیں کی جا سکتی۔ ہادی علی چٹھہ اور ایمان مزاری کی وکیل زینب جنجوعہ نے کہا ہے کہ نہ نقول ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ملیں اور نہ ہی وکلاء کی ان سے ملاقات ہوئی۔ عدالت نے اعتراضات کے باوجود ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ جج طاہر عباس سپرا نے وکلاء سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس فیصلے کو چیلنج کر سکتے ہیں۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ذاتی حیثیت میں پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی سماعت 9 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

05

، گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، صوبہ دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے، عمران خان کے ساتھ ملاقاتوں سمیت گرفتار راہنماں کو رہا کیا جائے، سابق وزیراعظم کے علاج کے لیے ڈاکٹر لندن سے نہیں بلایا گیا، وہ لاہور میں بھی ہوتا ہے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، حکومت ہم پر قدغنیں لگا رہی ہے، ہم سیاسی لوگ ہیں، سیاسی لوگ غیر مشروط طور پر بیٹھتے ہیں، مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں ان کا کہنا تھا حکومت نے باہر نکل کر اندر والی چیزیں ڈسکس کیں، جتنا وقت پریس کانفرنسز پر لگایا اتنا وقت مذاکرات پر لگایا ہوتا تو مسئلہ ہو جاتا، حکومتی ارکان سے رابطے ہیں اور کوشش ہے کہ مسائل کا حل بات چیت سے نکالا جائے. چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا محسن نقوی سے رات کو کوئی ملاقات نہیں ہوئی، علامہ ناصر عباس سے ملاقات کے لیے آیا اور آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت کی، علامہ راجہ ناصر عباس نے درست نے کہا مشروط مذاکرات نہیں ہوتے، ہم نے مذاکرات پر واضح کیا کہ اسی سے مسائل حل ہوں گے۔

06

میوچل لیگل اسسٹنس سمیت مختلف مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا۔ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے وزیر مملکت طلال چوہدری کی سربراہی میں وزارت داخلہ کا وفد جلد پولینڈ کا دورہ کرے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت پاکستان نے منشیات، غیر قانونی مائیگریشن اور منظم جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی ہے۔ ان کا کہنا تھا حکومتی اقدامات سے پاکستان سے یورپ کی جانب غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی آئی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ باہمی تعاون اور دوطرفہ کوآرڈینیشن بڑھا کر ان جرائم میں خاطر خواہ کمی لائی جا سکتی ہے۔ پولینڈ کے وزیر ٹوماش شیمونیاک نے اس ضمن میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں غیر قانونی مائیگریشن کے خاتمے کے لئے یورپ میں پاکستانیوں کے لئے روزگار اور قانونی مائیگریشن کے مواقع بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ پولش وزیر نے کہا کہ پاکستانی شہریوں کو قانونی طریقے سے پولینڈ آمد پر خوش آمدید کہا جائے گا۔ ٹوماش شیمونیاک نے کہا کہ انسداد دہشت گردی اور سیکورٹی امور پر پاکستان اور پولینڈ کا یکساں موقف ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان عوامی، تجارتی اور کاروباری روابط کو وسعت دینے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پولش وزیر نے کہا کہ سیاسی اور سیکیورٹی تعلقات کے ساتھ ساتھ معاشی تعلقات کا فروغ بھی انتہائی اہم ہے۔ محسن نقوی نے یورپی یونین کی جی ایس پی پلس اسکیم کے حوالے سے تعاون پر پولینڈ کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور پولینڈ کے درمیان آفیشل پاسپورٹ پر ویزہ فری سہولت فراہم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹوماش شیمونیاک نے خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کی بھرپور تائید کی۔ ملاقات میں سیکریٹری داخلہ اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔

07

دوران سولرائزیشن پروگرام سے متعلق BSTS کے قابل اطلاق تقاضوں اور ٹیکس سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ معاملات میں مزید وضاحت اور باہمی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں ٹیکس قوانین کے موثر نفاذ، متعلقہ اداروں کو رہنمائی فراہم کرنے اور ٹیکس سے متعلق امور کو واضح کرنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

08

بیان میں شفیع جان نے کہا کہ کوہاٹ کے باشعور عوام نے لانگ مارچ کے موقع پر بھرپور شرکت کر کے اپنے سیاسی شعور اور وابستگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں پہنچنے والے قافلے کا والہانہ استقبال کیا گیا جبکہ شرکا کے ساتھ بھرپور تعاون بھی کیا گیا۔ شفیع جان نے کہا کہ کوہاٹ کے عوام کی میزبانی، تعاون اور گرم جوشی قابل ستائش ہے، جس نے مارچ کے شرکا کے حوصلے بلند کیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ عوام آئندہ بھی عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اسی جذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔

09

ڈی جی حج کی عدم حاضری پر ارکان نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ حافظ عبدالکریم نے کہا کہ کمیٹی نے ڈی جی حج کو بلایا تھا، پچھلی مرتبہ بھی وہ نہیں آئے، کیا وہ اتنے طاقتور ہیں کہ کمیٹی میں نہیں آ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر حج بادشاہ بن بیٹھا ہے اور تیسری بار بلانے پر بھی نہیں آیا۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے زوم پر اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی کفایت شعاری مہم کی وجہ سے وہ خود اجلاس میں نہیں آئے اور زوم پر موجود ہیں۔ سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ ڈی جی حج کے سمن بھی نکالے جا سکتے ہیں، انہیں زوم پر نہ لیا جائے۔ حافظ عبدالکریم نے کہا کہ ڈی جی حج کی مدت ملازمت پوری ہو گئی ہے لیکن وہ پھر بھی چارج چھوڑنے کو تیار نہیں۔ قائم مقام چیئرمین نے کہا کہ ڈی جی حج جدہ مدت ملازمت پوری ہونے کے باوجود عہدہ نہیں چھوڑ رہے۔ سیکریٹری وزارت مذہبی امور نے کمیٹی کو بتایا کہ ڈی جی حج کی تعیناتی کا پراسیس جاری ہے۔ 36 افراد میں سے 3 لوگوں کی سمری وزیراعظم کو بھجوائی گئی تھی، تاہم وزیراعظم نے سمری مسترد کرتے ہوئے نئی سمری بھجوانے کی ہدایت کی۔ سیکریٹری وزارت نے بتایا کہ اسلام آباد بند ہونے اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے وزارت نے آمدورفت پر پابندی عائد کر دی تھی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پچھلی مرتبہ ڈی جی حج نے پاکستان کے لیے ٹکٹ کروائی تھی، تاہم کمیٹی کا اجلاس ملتوی ہونے کے باعث انہوں نے ٹکٹ منسوخ کروا دیا۔ سینیٹر ناصر بٹ نے ہدایت کی کہ ڈی جی حج کی ٹکٹ منسوخی کی تفصیلات کمیٹی کو بھجوائی جائیں اور اس معاملے پر وزیراعظم کو خط لکھا جائے۔ حافظ عبدالکریم نے بھی ہدایت کی کہ ڈی جی حج کو لکھا جائے کہ وہ اگلی میٹنگ میں اپنی حاضری یقینی بنائیں۔ کمیٹی ارکان نے کہا کہ ڈی جی حج کا بار بار بلانے کے باوجود نہ آنا باعث شرم اور تشویش ہے۔ ارکان نے کہا کہ وزیر اور وزیر مملکت مذہبی امور دونوں اجلاس میں آ گئے لیکن ڈی جی حج آنے سے انکار کر رہے ہیں۔ قائم مقام چیئرمین حافظ عبدالکریم نے ڈی جی حج کی عدم حاضری کے معاملے سے وزیراعظم کو مطلع کرنے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں ڈی جی حج کی مسلسل عدم حاضری پر قائمہ کمیٹی نے احتجاج کرتے ہوئے اجلاس ملتوی کر دیا۔

10

، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے اہلکار فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر سیل کر دیا۔ سیکیورٹی حکام کی جانب سے دھماکے کی نوعیت، وجوہات اور اس کے محرکات کا تعین کرنے کے لیے شواہد اکٹھے کر کے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

11

چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد تفصیل کے مطابق ایس۔ ایس۔ پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر ایس ایچ او بیلہ یار محمد کمانڈو نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے پولیس تھانہ بیلہ کے مقدمہ نمبر 66/2026 بجرم 381-A ت پ میں ملوث ملزم موٹر سائیکل چور عبدالغنی ولد محمد ابراہیم سکنہ کاٹھوڑ بیلہ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے چوری شدہ موٹر سائیکل ہنڈا CG-125 رجسٹریشن نمبر KQY-3023 برآمد کر لی۔ واضح رہے کہ ملزم نے مدعی یاسین کے گھر واقع نزد محلہ ہاشمیہ مسجد بیلہ کے باہر کھڑی موٹر سائیکل چوری کی تھی لیکن بیلہ پولیس کی بہترین تفتیش اور اچھی حکمت عملی کے نتیجہ میں ملزم کی جلد گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ گرفتار ملزم سے بیلہ پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

12

کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کرتے ہوئے اشتہارات کی منصفانہ اور شفاف تقسیم کو یقینی بنائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں مختلف اخبارات کے نیوز ایڈیٹرز اور سب ایڈیٹرز کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ وفد کی قیادت اکرم بلوچ کر رہے تھے، جبکہ وفد میں امیر شاہ، منیر احمد، محمد رمضان، شاہنواز خان، محمد زمان، فضل احمد اور محمد الطاف شامل تھے۔ ملاقات کے دوران لوکل اخبارات کو درپیش مالی، انتظامی اور پیشہ ورانہ مسائل سمیت موجودہ صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قیوم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں مقامی اخبارات محدود وسائل کے باوجود عوامی مسائل، حکومتی اقدامات اور بلوچستان کے دور دراز علاقوں کی آواز کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، تاہم اشتہارات کی غیر منصفانہ تقسیم اور واجبات کی بروقت ادائیگی نہ ہونے کے باعث متعدد اخبارات شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو کئی اخبارات کے لیے اپنا اشاعتی عمل جاری رکھنا مشکل ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ سرکاری اشتہارات کی تقسیم کے لیے واضح، شفاف اور یکساں پالیسی اختیار کرے، کسی بھی اخبار یا ادارے کے ساتھ امتیازی سلوک نہ کیا جائے اور لوکل پرنٹ میڈیا کو اس کا جائز حق دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اخبارات اور صحافتی اداروں کا معاشی استحکام آزاد اور ذمہ دار صحافت کے لیے بنیادی ضرورت ہے۔ مرکزی صدر بلوچستان میڈیا فورم نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبے بھر کے صحافیوں اور میڈیا اداروں کے مسائل کے حل کے لیے اپنی آواز موثر انداز میں بلند کرتا رہے گا۔ حکومت لوکل اخبارات کے مسائل کے حل کے لیے میڈیا نمائندوں کے ساتھ بامقصد مذاکرات کرے اور اشتہارات کی منصفانہ تقسیم سمیت تمام جائز مطالبات پر فوری عملی اقدامات اٹھائے۔

13

، ملکی موجودہ سیاسی صورتحال اور مستقبل میں پارٹی حکمت عملی پر غور جاری ہے۔ منظور وسان نے خیر پور کے آخری حکمران میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر خاندان نے خیر پور اور سندھ کی تعلیمی ترقی اور عوامی خدمت میں تاریخی کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر خیر پور، سندھ سمیت پورا ملک سوگوار ہے اللہ تعالی میر علی مراد خان تالپور کے اہلخانہ کو صبر واستقامت عطا فرمائے، میر خاندان عوامی خدمت جاری رکھے میر علی مراد خان تالپور کے نقش قدم پر چلے۔

14

ڈی آئی جی کوئٹہ اور ایس ایس پی آپریشنز کی براہ راست نگرانی میں منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن روزانہ کی بنیاد پر جاری رہے گا۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائی کے دوران سٹی نالے اور گردونواح سے منشیات کے عادی افراد کے ساتھ ساتھ منشیات فروخت کرنے والوں کو بھی دبوچ لیا گیا ہے، اور تمام گرفتار منشیات کے عادی افراد کو فوری طور پر سرکاری ڈرگ بحالی مراکز (Rehabilitation Centers) منتقل کر دیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر حنیف رند نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر ولی محمد نورزئی کی خصوصی ہدایات پر یہ کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں، چوراہوں اور عوامی مقامات پر موجود منشیات کے عادی افراد کو بحالی مراکز منتقل کرنے کا سلسلہ کامیابی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ شہر کو منشیات کی لعنت سے مکمل طور پر پاک کرنے کے لیے یہ مہم پورے سال بھر بلا تعطل جاری رہے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مختلف مراکز میں مریضوں کی دیکھ بھال اور طبی علاج کا عمل جاری ہے، اور پولیس کے ساتھ قریبی تعاون اور مشترکہ کارروائیوں کے ذریعے بہت جلد سڑکوں سے منشیات کا مکمل خاتمہ کر دیا جائے گا۔

15

چیئرمین کمیشن کو بھجوا دیا ہے۔ جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اعلیٰ عدلیہ کے ججز کی تعیناتی کا فورم ہے، فاروق ایچ نائیک کمیشن میں پی پی پی کی جانب سے ممبر مقرر تھے۔

16

پیرزادہ، عطا اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں قرضوں کے حوالے سے نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ ویمن بینک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ پاکستانی تاریخ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے، نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف بلا خوف تحکمانہ کارروائی کی جائے، بینکوں کے لیے ہاؤسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کے لیے دیگر صوبے پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کریں، اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے بینکوں کے لیے ہاؤسنگ قرضوں کی فراہمی میں آسانی اور شفافیت آئے گی۔

17

پیرزادہ، عطا اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور دیگر اعلیٰ سرکاری حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں قرضوں کے حوالے سے نیشنل بینک آف پاکستان اور فرسٹ ویمن بینک کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ پاکستانی تاریخ وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابل تحسین ہے، نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف بلا خوف تحکمانہ کارروائی کی جائے، بینکوں کے لیے ہاؤسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کے لیے دیگر صوبے پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کریں، اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے بینکوں کے لیے ہاؤسنگ قرضوں کی فراہمی میں آسانی اور شفافیت آئے گی۔

18

سے ملاقاتوں پہ پابندی ختم ہو، انہیں ہسپتال منتقل کیا جائے اور ان کے کیسز سنے جائیں اور عمران خان کی بہنوں سمیت جتنی بھی اسیر خواتین ہیں ان کو رہا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی صاحب کے خلاف جو منفی پروپیگنڈا ہو رہا ہے وہ انتہائی افسوسناک اور تشویشناک ہے، دہشتگردی کی مینڈیٹ چھیننے سے نہیں ختم ہوگی، دہشتگردی ختم کرنے کے لیے تمام سٹیک ہولڈر کے ساتھ بیٹھنا پڑے گا، آج بھی دعوت دیتے ہیں کہ دہشتگردی ختم کرنی ہے تو وفاقی حکومت صوبائی حکومت کے ساتھ مل کر تمام سٹیک ہولڈرز کو بٹھائے اور مسئلے کا حل نکالے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ اگر سہیل آفریدی کو غیر جمہوری طریقے سے ہٹانے کی کوشش کی گئی تو قبائل کے اندر بھی تشویش پائی جائے گی اور یہ کسی صورت ملک مفاد میں نہیں ہوگا اور نہ ہی اس سے دہشتگردی میں کمی آئے گی۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ گورنر خیبر پختون خواہ کے کس حیثیت میں آئی جی پولیس اور چیف سیکرٹری کو طلب کیا اور اجلاس کیا، 18 ویں ترمیم کے بعد تو گورنر کے پاس اخروٹ توڑنے کا اختیار نہیں ہے، کیا گورنر نے اپنے اختیارات سے تجاوز نہیں کیا؟ گورنر صاحب ابھی تو نہ کوئی ایمرجنسی لگی ہے نہ گورنر راج لگا ہے، آپ تو اتنی جلدی رہی۔ ان کا کہنا تھا کہ گورنر راج کی دھمکی وہ لوگ دے رہے ہیں جن کی اپنی پرفارمنس سوالیہ نشان ہے، اگر حکومت دہشت گردی ختم کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے تو تحریک انصاف کے جائز مطالبات کو تسلیم کرے اور ایک ہی فارمولا ہے جس پر عمل کر کے تمام مسائل کا حل نکالا جا سکتا ہے، وہ ہے بیرسٹر گوہر کا فارمولا مذاکرات مذاکرات مذاکرات۔

19

کرنے کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ تمام ٹیکس دہندگان اور کاروباری افراد کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ کیپرا کا نام استعمال کرنے والے کسی بھی شخص سے محتاط رہیں اور کسی بھی فرد کی شناخت اور کیپرا سے وابستگی کی سرکاری ذرائع سے تصدیق کرنا انتہائی لازمی ہے۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ کسی بھی مشکوک شخص کو کوئی بھی حساس معلومات یا رقم فراہم کرنے سے قبل لازمی تصدیق کر لیں۔ کے پی آر اے کے نام کا غلط استعمال کرنے یا جعلی افسر بننے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ کسی بھی مشکوک سرگرمی، کال یا پیغام کی صورت میں فوری طور پر کیپرا کے سرکاری واٹس ایپ نمبر اور سرکاری ذرائع سے رابطہ کر کے اطلاع دیں۔

20

مطابق امتحان کی تاریخ ناگزیر وجوہات کی بنا پر تبدیل کی گئی ہے، پی ایم ڈی سی نے این آر ای سٹیپ ون کی تاریخ تبدیلی کا پبلک نوٹس جاری کر دیا۔ واضح رہے کہ نیشنل رجسٹریشن ایگزام بیرون ملک سے میڈیکل گریجویٹس کا لائسنسنگ امتحان ہے۔

21

معززین، قبائلی عمائدین اور سیاسی وسماجی شخصیات نے بھی شرکت کی۔ کچہری کے دوران شہریوں نے اپنے مسائل کھل کر بیان کیے، جنہیں توجہ سے سنا گیا اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر موجود متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کیے گئے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا گیا کہ پولیس اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد کی فضا کو مضبوط بنانے اور قریبی رابطہ کاری کے اس سلسلے کو مستقبل میں بھی بھرپور طریقے سے جاری رکھا جائے گا تاکہ عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکیں۔

22

کے متعدد مواقع ضائع کر چکا ہے، ایران آبنائے ہرمز پر مکمل قبضہ کھو چکا جبکہ معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ یونان کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ امریکہ کے لئے وہی معاہدہ قابل قبول ہوگا جو اس بات کی ضمانت دے کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا۔ ایران اپنے جوہری پروگرام پر امریکا کے ساتھ معاہدے تک پہنچنے کیلئے ملنے والے متعدد مواقع سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہا ہے۔ تیل کی ترسیل میں اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ اس وقت تقریباً اتنا ہی تیل باہر جا رہا ہے جتنا اس تنازع سے پہلے جاتا تھا۔ وہ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کھو چکے ہیں۔ جبکہ ایران کی معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ مارکو روبیو کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کی اسلامی پاسداران انقلاب کی جانب سے اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں کو مسلسل حملوں کا نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

23

عدالت نے ملزمہ کی جانب سے دفعہ 265-K کے تحت دائر کی گئی بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو آئندہ سماعت پر جواب داخل کرنے کا حکم دے دیا۔ ملزمہ کے وکیل میر ہدایت اللہ نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ انمول پنکی کے خلاف مقدمے میں کوئی بھی ٹھوس شواہد موجود نہیں ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ اس مقدمے میں نامزد ایک اور ملزم علی خان کو پہلے ہی ناکافی شواہد کی بنا پر بری کیا جا چکا ہے، لہذا اسی بنیاد پر ملزمہ انمول پنکی کو بھی مقدمے سے بری کیا جائے۔ واضح رہے کہ ملزمہ انمول پنکی کے خلاف تھانہ گذری میں منشیات کا یہ مقدمہ درج ہے، جبکہ وکیل کے مطابق ملزمہ کو اس سے قبل بھی تھانہ گذری میں درج تین دیگر مقدمات میں عدالتوں کی جانب سے بری کیا جا چکا ہے۔

24

کے مطابق واقعہ مقامی وقت کے مطابق صبح تقریباً 8 بج کر 35 منٹ پر پیش آیا۔ پولیس نے ملزمہ کو گرفتار کر لیا، جس کی شناخت ایک دوسرے تعلیمی ادارے میں زیر تعلیم 10 ویں جماعت کی 15 سالہ طالبہ کے طور پر ہوئی ہے۔ رپورٹ میں ترک وزیر تعلیم سے بتایا گیا ہے کہ حملہ کرنے والی لڑکی نے اسی اسکول کی یونیفارم پہن کر خود کو اسی اسکول کی طالبہ ظاہر کیا۔ وزیر صحت کے مطابق حملے میں 8 طلبہ زخمی ہوئے، جن میں سے ایک کی حالت تشویشناک جبکہ 2 کی حالت درمیانی سے سنگین نوعیت کی تھی۔ 7 زخمیوں کا اسپتالوں میں علاج جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق حملے کے بعد اسکول میں منگل اور بدھ کے روز تدریسی سرگرمیاں معطل کر دی گئیں۔ استنبول کی تیسری فوجداری عدالت امن نے واقعے کی کوریج پر پابندی عائد کر دی۔ ترکیہ کے میڈیا ریگولیٹری ادارے آر ٹی یو کے مطابق یہ اقدام تحقیقات کو اثر انداز ہونے سے بچانے اور ملزمان کی گرفتاری کو یقینی بنانے کیلئے کیا گیا۔ امام خطیب اسکول سرکاری سرپرستی میں چلنے والے مذہبی سیکنڈری اسکول ہیں، جو ابتدائی طور پر امام اور نماز کی قیادت کرنے والے مذہبی رہنماں کی تربیت کے لئے قائم کیے گئے تھے۔ صدر رجب طیب اردوان کی حکومت کے دور میں ان اسکولوں میں اب ترکیہ کے سیکنڈری سطح کے طلبہ کی ایک قابل ذکر تعداد زیر تعلیم ہے۔ ناقدین کا موقف ہے کہ ان اسکولوں کے پھیلاؤ سے سیکولر تعلیم متاثر ہوئی ہے۔ تاہم فی الحال ایسی کوئی اطلاعات سامنے نہیں آئیں کہ اس حملے کا تعلق سیاسی یا نظریاتی محرکات سے ہے۔ دو ہفتے قبل ترکیہ میں ایک ہائی اسکول کے باہر فائرنگ کے نتیجے میں کم از کم 8 افراد زخمی ہو گئے تھے۔

25

کے ہر فیصلے کے خلاف نظر ثانی دائر کی جاتی ہے، ہم نے آپکے دلائل سن لئے۔ وکیل غلام مصطفی کندوال نے کہا کہ ابھی مجھے مزید دلائل دینا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ مزید دلائل دیں گے تو پھر جرمانہ بھی بڑھے گا، وکیل نے کہا کہ آپ چاہے میری پوری فیس کا جرمانہ لیں لیکن بات سنیں۔ سپریم کورٹ نے وکیل پر 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا، وکیل غلام مصطفی کندوال نے کہا کہ میں سینئر وکیل ہوں عدالت میری بات نہیں سن رہی، ابھی ہمیں سپریم کورٹ سے یہ ہی امید ہے۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ تین عدالتوں کے فیصلے آپکے خلاف ہیں، سپریم کورٹ نے بھی لیو گرانٹ نہیں کی، اب آپ دوبارہ سے پورا کیس نہیں کھول سکتے، مجھے افسوس ہوا ہے آپکے کنڈکٹ پر۔ عدالت عظمی نے نظر ثانی خارج کرتے ہوئے جرمانہ کا حکم واپس لے لیا۔

26

دہشت گردی کی خصوصی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کیس کی سماعت کی، جس میں پولیس نے مقدمے میں دہشت گردی کی دفعات شامل ہونے کے بعد 10 ملزمان کی ضمانت منسوخ کرنے کے لیے عدالت میں درخواست دائر کی تھی۔ تمام ملزمان صبح عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے پولیس اور ملزمان کی جانب سے دلائل سننے کے بعد ضمانت منسوخی کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔ بعد ازاں عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے مقدمے سے دہشت گردی کی دفعات ختم کر دیں اور پولیس کی جانب سے 10 ملزمان کی ضمانت منسوخی کے لیے دائر درخواست خارج کر دی۔ عدالت نے دہشت گردی کی دفعات ختم ہونے کے بعد سدرہ عرب قتل کیس کی سماعت ٹرائل کورٹ یعنی ماتحت عدالت میں منتقل کرنے کا حکم بھی دے دیا۔

27

قوانین کی خلاف ورزی پر 7 یونٹس کو جرمانے کیے گئے جبکہ 6 یونٹس کو بہتری کے نوٹسز جاری کر دیے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے جنرل اسٹورز، بیکریوں، گوشت، سبزی وفروٹ اور دودھ کی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس دوران مختلف جنرل اسٹورز سے زائد المیعاد مصالحہ جات ممنوعہ چائنیز نمک اور گٹکا کی موجودگی کے علاوہ ناقص اسٹوریج پر بھی کارروائی عمل میں لائی گئی اسی طرح بعض بیکریوں اور دیگر فوڈ پوائنٹس پر صفائی کی ناقص صورتحال، ذاتی حفظان صحت کے اصولوں کی عدم پابندی، گندے برتن، کھانے پینے کی اشیاء پر مکھیوں کی موجودگی، اشیائے خورد ونوش کو ڈھانپ کر نہ رکھنے اور BFA لائسنس کی عدم موجودگی سمیت متعدد خلاف ورزیاں سامنے آئیں، جن پر متعلقہ کاروباری افراد کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی گئی فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروباری حضرات کو ہدایت کی کہ وہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مقررہ SOPs پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، صفائی اور حفظان صحت کے معیار کو بہتر کریں اور اشیائے خوردونوش کے معیار اور محفوظ اسٹوریج پر خصوصی توجہ دیں فوڈ سیفٹی ٹیم نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری، صاف ستھری اور محفوظ خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رکھی جائیں گی

28

کرتے ہوئے عظمی بخاری نے کہا کہ ایک وزیراعلی لاہور آیا تھا گیا ملا اسے خالی ہاتھ واپس گیا، یہ ملاقاتیں مانگ رہے ہیں ایسے ملاقات نہیں ہونی، دوسرے مرتبہ نوٹنکی کی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایک ایسا گروہ موجود ہے جسے ملک میں ہونے والی ہر اچھی خبر سے تکلیف ہوتی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ خیبر پختونخوا میں 13 سال کے دوران کم آمدن والے افراد کے لیے اپنی چھت اپنا گھر جیسا منصوبہ کیوں شروع نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کے دور کے ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھر کے وعدے عملی شکل اختیار نہ کر سکے، پنجاب حکومت کے منصوبے اور سابق حکومت کے ہاسنگ منصوبے میں بنیادی فرق ماڈل کا ہے، پنجاب کے منصوبے میں قرض پر سود صوبائی حکومت ادا کر رہی ہے جبکہ سابق منصوبے میں سود کی ادائیگی شہریوں کو کرنا تھی۔ عظمی بخاری نے کہا کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کو اقوام متحدہ کے ادارے یو این ہیبی ٹیٹ کا سکرول آف آنر ایوارڈ ملا ہے۔

29

دوران طلباء نے اپنے اساتذہ سے محبت، عقیدت اور احترام کے اظہار کے لیے مختلف پروگرامز پیش کیے۔ اس موقع پر اردو اور انگریزی تقاریر کا بھی اہتمام کیا گیا، جن میں طلبہ و طالبات نے بھرپور انداز میں حصہ لیتے ہوئے اپنے اساتذہ کی محنت، رہنمائی، کردار سازی اور تعلیمی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ طلباء کی پر اعتماد تقاریر اور خوبصورت الفاظ نے تقریب کو مزید یادگار بنا دیا۔ ٹیچرز ڈے کی مناسبت سے طلباء نے اپنے اساتذہ کو تحائف بھی پیش کیے، جس پر اساتذہ نے طلباء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کے محبت بھرے جذبات کو سراہا۔

30

مطابق خیبر پختونخوا حکومت دھرنوں، جلسوں اور احتجاج میں مصروف ہے، صوبے میں اس وقت گورننس کا بحران ہے، ڈپٹی وزیراعلی کی تقرری کی جائے تاکہ عوام کے مسائل کا کوئی حل نکالا جا سکے۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس اعجاز انور کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، عدالت نے صوبائی حکومت سے جواب طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔

31

میں بدلتے ہوئے جغرافیائی ومعاشی حالات، کراچی اور گوادر بندرگاہوں کی موجودہ ٹریفک صورتحال اور پاکستان کے بحری شعبے کو مزید مستحکم بنانے کے لیے مستقبل کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران بندرگاہی آپریشنز کی بحالی و بہتری، رابطہ کاری کے فروغ، بندرگاہوں کی مسابقتی صلاحیت بڑھانے اور پاکستان کی بحری معیشت میں موجود وسیع امکانات سے استفادہ کرنے کے لیے عملی اور مستقبل پر مبنی اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے درمیان بہتر رابطہ اور باہمی تعاون پاکستان کے بحری شعبے کی ترقی اور تجارت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس خبر نامہ سے کیپشن بنا کر دیں

32

سے مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ دوسری جانب ایرانی پارلیمنٹ کے ڈپٹی سپیکر علی نیک زادے نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کھلی رہے گی یا بند، اس کا فیصلہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کھوکھلی سوشل میڈیا پوسٹس نہیں کریں گی۔ ایرانی نائب سپیکر نے پارلیمنٹ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آبنائے ہرمز کی صورتحال کا اندازہ امریکہ میں ایندھن کی قیمتوں سے لگایا جا سکتا ہے، نہ کہ ٹرمپ کی کھوکھلی سوشل میڈیا پوسٹس سے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایرانی عوام نے برسوں پہلے آزادانہ زندگی گزارنے کا فیصلہ کیا تھا اور وہ آج بھی اپنے اس فیصلے پر قائم ہیں، امریکہ کے مفاد میں ہے کہ وہ ایرانی قوم کی مرضی کو تسلیم کرے اور اس کے سامنے سر تسلیم خم کرے۔ علی نیک زاد کا کہنا تھا کہ زمینی حقائق بیانات اور دعوں سے نہیں بلکہ میدان میں طے ہوتے ہیں۔ 3-

33

کی ہے۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور ملک میں پائیدار امن کے قیام تک فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشتگردی کے خلاف مؤثر کارروائیاں دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاست کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں، وطن عزیز کے امن و سلامتی کو نقصان پہنچانے والے دہشتگردوں کو ان کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

34

دانشمندانہ اور منصفانہ استعمال یقینی بنائیں، غیر ضروری پانی کے ضیاع سے گریز کریں اور اپنی فصلوں کی آبپاشی محکمہ آبپاشی کے مقررہ شیڈول کے مطابق کریں، جبکہ بارشوں کا سلسلہ شروع نہ ہونے کی صورت میں ممکنہ پانی کی قلت کے پیش نظر کاشتکار اپنی زرعی منصوبہ بندی بھی احتیاط سے کریں۔ ارسا کی ایڈوائزری کمیٹی نے ربیع سیزن کے لیے صوبوں میں پانی کی تقسیم اور دستیابی کے تخمینے کی منظوری دے دی ہے، جس کے مطابق ربیع کے موسم میں پانی کی مجموعی قلت 22 فیصد تک رہنے کا امکان ہے جبکہ پنجاب اور سندھ کو بھی 22 فیصد پانی کی کمی کا سامنا رہے گا۔ ارسا کے مطابق ربیع سیزن کے لیے صوبوں کو مجموعی طور پر 2 کروڑ 91 لاکھ 83 ہزار ایکڑ فٹ پانی دستیاب ہوگا، جس میں پنجاب کو ایک کروڑ 55 لاکھ 64 ہزار، سندھ کو ایک کروڑ 17 لاکھ 48 ہزار، خیبر پختونخوا کو 7 لاکھ ایک ہزار جبکہ بلوچستان کو 11 لاکھ 71 ہزار ایکڑ فٹ پانی مختص کیا گیا ہے۔ دریاوں میں ربیع سیزن کے دوران پانی کی متوقع آمد 2 کروڑ 12 لاکھ 68 ہزار ایکڑ فٹ رہنے کا امکان ہے، جبکہ خریف 2026 کے دوران دریاوں میں پانی کی آمد 9 کروڑ 54 لاکھ 44 ہزار ایکڑ فٹ رہی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 22 فیصد اور گزشتہ دس سال کی اوسط سے 7 فیصد کم ہے۔ ارسا کے مطابق 30 ستمبر تک آبی ذخائر میں 93 لاکھ 43 ہزار ایکڑ فٹ پانی موجود تھا، جبکہ خریف کے دوران کوٹری بیراج سے زیریں جانب ایک کروڑ 40 لاکھ ایکڑ فٹ پانی چھوڑا گیا۔ ارسا نے چشمہ بیراج کو 26 دسمبر سے 14 جنوری تک 21 روز کے لیے صوبائی سالانہ نہری بندش کے پروگرام کے تحت بند رکھنے کی بھی منظوری دی ہے اور واپڈا پر تربیلا فور اور تربیلا فائیو منصوبوں کو جلد مکمل کرنے پر زور دیا ہے کیونکہ ان منصوبوں میں تاخیر کے باعث خریف میں بھی صوبوں کو پانی کی قلت کا سامنا رہا۔

35

آئی ایم ایف کے اعتراضات اب بھی برقرار ہیں، حکومت 2 کروڑ مالیت تک کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کرنے پر فیصلہ نہ کر سکی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے 75 ہزار ڈالر مالیت کی الیکٹرک گاڑی پر سیلز ٹیکس 1 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان نے آئی ایم ایف کو آٹو پالیسی میں اپنے موقف پر بریفنگ دی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس میں کمی کا فیصلہ ماحول دوست گاڑیوں کے فروغ کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی کہ سکیم کے تحت گاڑیوں کی مالیت ایک سال تک تبدیل نہیں ہوگی۔ ذرائع وزارت انڈسٹریز و پروڈکشن کے مطابق آئی ایم ایف کیساتھ نئی آٹو پالیسی پر مذاکرات مزید بھی جاری رہیں گے۔

36

پروگرام میں ہارون احمد، پروگرام آفیسر IHHN (انڈس ہسپتال)، محمد اسحاق، BRSP، DPC، ملیریا پروگرام اور امیر عزیز، ماسٹر ٹرینرز نے بطور ٹرینرز شرکت کی اور شرکاء کو ملیریا سمیت مختلف متعدی امراض کی روک تھام، بروقت تشخیص، ابتدائی طبی معاونت، مریضوں کی رہنمائی اور کیونٹی کی سطح پر بیماریوں کے مؤثر کنٹرول کے حوالے سے تفصیلی تربیت فراہم کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملیریا، ایچ آئی وی اور ٹی بی جیسے خطرناک متعدی امراض کو مؤثر احتیاطی تدابیر، بروقت تشخیص، علاج اور عوام میں شعور وآگاہی کے ذریعے بڑی حد تک کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیماریوں کے خلاف جنگ صرف محکمہ صحت کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد، بالخصوص کیمونٹی ہیلتھ ورکرز اور کیمونٹی ریسپانس پرسنز کا کردار انتہائی اہم ہے انہوں نے کہا کہ معلومات اور شعور ہی بیماریوں کی روک تھام کا مؤثر ذریعہ ہیں، اس لیے فیلڈ میں کام کرنے والے CHWs اور CRPs عوام کو ملیریا سے بچاؤ کے طریقوں، مچھر کی افزائش کے خاتمے، صفائی ستھرائی، احتیاطی تدابیر اور بروقت طبی معائنہ وعلاج کے حوالے سے آگاہی فراہم کریں تاکہ بیماری کے پھیلاؤ کو مؤثر انداز میں روکا جا سکے

37

، ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی سربراہی میں منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سیوی میر بہادر خان ہنگلزئی، محکمہ تعلیم کے افسران، مختلف کالجز کے پرنسپلز، سرکاری تعلیمی اداروں کے ہیڈ ماسٹرز و ہیڈ مسٹریسز، معززین اور بڑی تعداد میں طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ سیشن کا بنیادی مقصد طلباء و طالبات کو BEEF اسکالرشپ پروگرام کے طریقہ کار، اہلیت کے معیار اور دستیاب تعلیمی مواقع سے آگاہ کرنا تھا، تاکہ مالی مشکلات کے باوجود باصلاحیت طلباء اپنی اعلیٰ تعلیم کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان ماندائی اور ان کی آن لائن کوئٹہ ٹیم نے ویڈیو لنک کے ذریعے سیشن کے شرکاء کو تفصیلی بریفنگ دی۔ شرکاء کو گزشتہ دس سال کے دوران BEEF اسکالرشپس سے مستفید ہونے والے طلباء و طالبات، ضلع کے ٹاپرز اور مختلف اسکالرشپ پروگرامز کے حوالے سے معلومات فراہم کی گئیں۔ BEEF ٹیم نے طلباء وطالبات کو بتایا کہ اسکالرشپ کے لیے درخواست دیتے وقت اہلیت کے معیار، تعلیمی کارکردگی، مقررہ شرائط اور آن لائن درخواست کے طریقہ کار کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔

38

کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے ٹریفک پولیس کی جانب سے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں جبکہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ایس پی ٹریفک سریاب یاور عباس نے کہا کہ بغیر لائسنس ڈرائیونگ، بغیر کاغذات گاڑی چلانے، کم عمر ڈرائیوروں، ون وے کی خلاف ورزی، غلط پارکنگ، تیز رفتاری اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں سے نہ صرف ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے بلکہ حادثات کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک پولیس شہریوں کو ٹریفک قوانین سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ قوانین پر عملدرآمد بھی یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ دوران ڈرائیونگ ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کریں، موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا استعمال کریں، گاڑی چلاتے وقت موبائل فون کے استعمال سے گریز کریں اور اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لیے ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ یاور عباس نے کہا کہ والدین بھی اپنے کم عمر بچوں کو موٹر سائیکل یا گاڑی چلانے کی اجازت نہ دیں، کیونکہ کم عمری میں ڈرائیونگ نہ صرف قانون کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے قیمتی انسانی جانوں کو خطرات لاحق ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کے لیے ٹریفک پولیس، ضلعی انتظامیہ اور دیگر متعلقہ اداروں کے درمیان رابطے اور تعاون کو مزید موثر بنایا جا رہا ہے۔ شہری بھی ٹریفک پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر اور سڑکوں پر حادثات کی شرح میں کمی لائی جا سکے۔ ایس پی ٹریفک سریاب نے کہا کہ ٹریفک قوانین کسی فرد کو تنگ کرنے کے لیے نہیں بلکہ شہریوں کی سہولت، تحفظ اور بہتر ٹریفک نظام کے قیام کے لیے بنائے گئے ہیں۔ ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ وہ قانون کا احترام کرے اور دوسروں کے لیے بھی محفوظ سفری ماحول کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔

39

میں 1.05 ڈالر یعنی 1.04 فیصد اضافہ ہوا اور قیمت 101.63 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی، امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت 80 سینٹ، یعنی 0.89 فیصد اضافے کے بعد 90.24 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔

40

خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کی کیمیائی صنعتوں کے خلاف امریکی فوجی کارروائی نے سپلائی چینز کو متاثر کیا ہے اور کیمیکل ویپنز کنونشن پر عمل درآمد میں رکاوٹیں پیدا کی ہیں۔ ہادی فرج وند کا کہنا تھا کہ امریکی حملوں سے متاثر ہونے والی تنصیبات میں پیٹرو کیمیکل اور دوا ساز صنعتوں کے مراکز شامل ہیں۔ ایران اس سے قبل بھی او پی سی ڈبلیو میں اپنی صنعتی اور کیمیائی تنصیبات پر حملوں کے حوالے سے تشویش کا اظہار کر چکا ہے۔ ایرانی حکام کا موقف ہے کہ ایسی تنصیبات کو نشانہ بنانے سے خطرناک کیمیائی مادوں کے اخراج کا خدشہ پیدا ہو سکتا ہے، جو عوامی صحت اور ماحولیات کیلئے سنگین خطرات کا باعث بن سکتا ہے۔ ایران نے خبردار کیا ہے کہ کیمیائی اور صنعتی ڈھانچے پر حملے نہ صرف ملکی پیداوار اور سپلائی چینز کو متاثر کرتے ہیں بلکہ ان کے ممکنہ ماحولیاتی اثرات خطے کے دیگر ممالک تک بھی پہنچ سکتے ہیں۔

41

تک ترکیہ میں قیام کریں گے جہاں انقرہ میں صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات اور استنبول میں کاروباری رہنماں سے بات چیت کریں گے۔ کارنے نے ترکیہ کو نیٹو کا اہم اتحادی اور جی 20 شراکت دار قرار دیتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون بڑھانے پر زور دیا ہے۔

42

ارجمند نے 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ملزمہ ماہ نور شاہد کی ضمانت منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے تحریری فیصلے میں لکھا کہ ملزمہ کا نام ابتدائی ایف آئی آر میں شامل نہیں تھا، بعد میں ضمنی بیان کے ذریعے نامزد کیا گیا، ملزمہ کے خلاف قتل کا کوئی براہ راست اور مخصوص کردار سامنے نہیں آیا، معاملہ مزید انکوائری کا ہے۔ فیصلے کے مطابق کیس کا چالان جمع ہو چکا ہے، تفتیش مکمل ہے اور ملزمہ سے مزید تفتیش مطلوب نہیں، عدالتی آبزرویشن عبوری نوعیت کی ہیں، ٹرائل کورٹ کے حتمی فیصلے پران کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ واضح رہے کہ 4 مئی 2026 کو تھانہ پھگلاں میں فرخ افضل کے اغوا اور قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ مدعی چوہدری افضل کے مطابق رات 12 بجے نامعلوم افراد ان کے بیٹے فرخ افضل کو زبردستی گاڑی میں ڈال کر لے گئے۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزمہ ماہ نور شاہد پر قتل کی منصوبہ بندی اور مقتول کو اغوا کروانے کا الزام تھا۔

43

میں کمی کی یقین دہانی کافی نہیں ہوگی، اگر ایران جوہری ہتھیار نہیں چاہتا تو پھر 60 فیصد افزودہ ایندھن کی ضرورت کیوں ہے؟ انہوں نے کہا کہ اگر ایران یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ جوہری ہتھیار نہیں بنائے گا تو انتہائی افزودہ ایندھن تیار نہ کرے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ امریکا ایران سے معاہدے کیلئے اب بھی تیار ہے، لیکن ایران کو جوہری پروگرام پر لچک دکھانا ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ واشنگٹن کو یہ معلوم نہیں کہ تہران میں فیصلے کرنے کا اختیار کس کے پاس ہے، امریکا ایرانی صدر اور وزیر خارجہ سے مذاکرات کر رہا ہے۔ یہ واضح نہیں کہ ایران کے طاقت کے ڈھانچے میں ان دونوں کے پاس کتنے اختیارات ہیں۔ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی ہلاکت کے بعد یہ صورتحال مزید پیچیدہ ہو گئی ہے۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ میدان جنگ کی صورتحال پر فیلڈ کمانڈروں سے بات کی ہے، ایران کیخلاف جنگ میں ہتھیاروں کی کمی کا سامنا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران وقتاً فوقتاً تجارتی جہازوں کو آبنائے ہرمز میں نشانہ بنا رہا ہے، ایران ہرمز سے توانائی کی برآمدات روکنے میں بڑی حد تک ناکام ہے۔ اس کے علاوہ ان کا کہنا تھا کہ صدارتی انتخاب لڑنے کے حوالے سے تاحال فیصلہ نہیں کر سکا۔

44

ہوئی، جس میں پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان اقتصادی تعلقات کے فروغ پر بات چیت کی گئی۔ بالخصوص دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے نئے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے پاکستان کے اہم شعبوں میں موجود سرمایہ کاری کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس دوران کاروباری استعداد بڑھانے اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی وتجارتی روابط کو مزید فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں پر بات چیت ہوئی۔ ایس آئی ایف سی پاکستان کے عالمی اقتصادی روابط کو وسعت دینے، تجارت بڑھانے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے سرگرم عمل ہے۔ اس سلسلے میں عالمی کاروباری روابط مضبوط بنانے اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کو آگے بڑھانے کے لئے اقدامات جاری ہیں۔

45

دونوں رہنماں نے ایران اور قطر کے درمیان رابطے اور تعاون کو مزید موثر بنانے کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا، ملاقات میں خطے میں امن واستحکام اور موجودہ علاقائی صورتحال کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

46

روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ جرمن سفیر نے جی ایس پی پلس سے متعلق پاکستان کی اصلاحاتی پیش رفت کو سراہا۔ وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے۔ ملاقات میں رانا احسان افضل نے جرمن سفیر کے سامنے پاکستانی باسمتی چاول کے جغرافیائی شناخت (جی آئی) کا معاملہ بھی اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ باسمتی کے کاشتکاروں، پروڈیوسرز اور برآمدکنندگان کے مفادات کے تحفظ ضروری ہے۔ رانا احسان افضل کے مطابق پاکستانی باسمتی کے جی آئی کیس کی مضبوط قانونی، تاریخی اور تجارتی بنیادیں ہیں۔ جرمن سفیر نے جغرافیائی شناخت کے موثر تحفظ کو زرعی برآمدات کے لیے اہم قرار دیا۔ جرمن سفیر نے کہا کہ پاکستان میں زراعت، فوڈ پروسیسنگ، ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہیں۔ جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو نومبر میں کراچی میں ہونے والی فوڈ ایگ 2026 میں شرکت کی دعوت دی۔ انہوں نے کہا کہ فوڈ ایگ پاکستان اور جرمنی کے درمیان کاروباری شراکت داری کے لئے اہم پلیٹ فارم ہوگا۔ جرمن سفیر نے فوڈ ایگ میں جرمن کمپنیوں کی شرکت کی دعوت کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں لائیو اسٹاک کی تجارتی نمائش کے لیے پاکستانی کاروباری وفد کی تیاری جاری ہے۔ جرمن سفیر نے جام کمال خان کو 29 سے 31 اکتوبر کو سیول میں ہونے والی ایشیا پیسیفک کانفرنس آف جرمن بزنس میں شرکت کی دعوت بھی دی۔ جام کمال خان نے کانفرنس میں شرکت کے امکانات کا جائزہ لینے میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

47

کے متعدد مواقع ضائع کر چکا ہے، ایران آبنائے ہرمز پر مکمل قبضہ کھو چکا جبکہ معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ یونان کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ امریکہ کے لئے وہی معاہدہ قابل قبول ہوگا جو اس بات کی ضمانت دے کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا۔ ایران اپنے جوہری پروگرام پر امریکا کے ساتھ معاہدے تک پہنچنے کیلئے ملنے والے متعدد مواقع سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہا ہے۔ تیل کی ترسیل میں اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ اس وقت تقریباً اتنا ہی تیل باہر جا رہا ہے جتنا اس تنازع سے پہلے جاتا تھا۔ وہ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کھو چکے ہیں۔ جبکہ ایران کی معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ مارکو روبیو کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کی اسلامی پاسداران انقلاب کی جانب سے اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں کو مسلسل حملوں کا نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

48

اور ملکیتی حق ظاہر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ زمین کی ملکیت سے متعلق ضروری دستاویزات اور شواہد متعلقہ حکام کے سامنے پیش کیے جا چکے ہیں، تاہم تاحال مسئلہ حل نہیں ہو سکا۔ انہوں نے بتایا کہ معاملے کے حل کے لیے متعلقہ حکام اور ذمہ دار افراد سے رابطے کے علاوہ مقامی سطح پر جرگے اور دیگر ذرائع سے بھی کوششیں کی گئیں، تاہم کوئی حتمی فیصلہ سامنے نہیں آیا۔ سید بقا محمد شاہ نے مطالبہ کیا کہ زمین کی مکمل چھان بین کر کے اصل حقائق سامنے لائے جائیں اور تمام فریقین کا مؤقف سننے کے بعد قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر اراضی ان کی ملکیت ثابت ہوتی ہے تو انہیں قانونی طور پر قبضہ واپس دلایا جائے اور غیر قانونی مداخلت کا راستہ روکا جائے۔

49

ہوتے، فرد جرم عائد نہیں کی جا سکتی۔ ہادی علی چٹھہ اور ایمان مزاری کی وکیل زینب جنجوعہ نے کہا ہے کہ نہ نقول ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ملیں اور نہ ہی وکلاء کی ان سے ملاقات ہوئی۔ عدالت نے اعتراضات کے باوجود ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ جج طاہر عباس سپرا نے وکلاء سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا کہ آپ اس فیصلے کو چیلنج کر سکتے ہیں۔ عدالت نے آئندہ سماعت پر ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ذاتی حیثیت میں پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی سماعت 9 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

50

، گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، صوبہ دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے، عمران خان کے ساتھ ملاقاتوں سمیت گرفتار راہنماں کو رہا کیا جائے، سابق وزیراعظم کے علاج کے لیے ڈاکٹر لندن سے نہیں بلایا گیا، وہ لاہور میں بھی ہوتا ہے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، حکومت ہم پر قدغنیں لگا رہی ہے، ہم سیاسی لوگ ہیں، سیاسی لوگ غیر مشروط طور پر بیٹھتے ہیں، مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں ان کا کہنا تھا حکومت نے باہر نکل کر اندر والی چیزیں ڈسکس کیں، جتنا وقت پریس کانفرنسز پر لگایا اتنا وقت مذاکرات پر لگایا ہوتا تو مسئلہ ہو جاتا، حکومتی ارکان سے رابطے ہیں اور کوشش ہے کہ مسائل کا حل بات چیت سے نکالا جائے. چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا محسن نقوی سے رات کو کوئی ملاقات نہیں ہوئی، علامہ ناصر عباس سے ملاقات کے لیے آیا اور آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت کی، علامہ راجہ ناصر عباس نے درست نے کہا مشروط مذاکرات نہیں ہوتے، ہم نے مذاکرات پر واضح کیا کہ اسی سے مسائل حل ہوں گے۔

51

میوچل لیگل اسسٹنس سمیت مختلف مفاہمتی یادداشتوں (ایم او یوز) جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کیا۔ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے وزیر مملکت طلال چوہدری کی سربراہی میں وزارت داخلہ کا وفد جلد پولینڈ کا دورہ کرے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ حکومت پاکستان نے منشیات، غیر قانونی مائیگریشن اور منظم جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی ہے۔ ان کا کہنا تھا حکومتی اقدامات سے پاکستان سے یورپ کی جانب غیر قانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی آئی ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ باہمی تعاون اور دوطرفہ کوآرڈینیشن بڑھا کر ان جرائم میں خاطر خواہ کمی لائی جا سکتی ہے۔ پولینڈ کے وزیر ٹوماش شیمونیاک نے اس ضمن میں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقات میں غیر قانونی مائیگریشن کے خاتمے کے لئے یورپ میں پاکستانیوں کے لئے روزگار اور قانونی مائیگریشن کے مواقع بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ پولش وزیر نے کہا کہ پاکستانی شہریوں کو قانونی طریقے سے پولینڈ آمد پر خوش آمدید کہا جائے گا۔ ٹوماش شیمونیاک نے کہا کہ انسداد دہشت گردی اور سیکورٹی امور پر پاکستان اور پولینڈ کا یکساں موقف ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان عوامی، تجارتی اور کاروباری روابط کو وسعت دینے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پولش وزیر نے کہا کہ سیاسی اور سیکیورٹی تعلقات کے ساتھ ساتھ معاشی تعلقات کا فروغ بھی انتہائی اہم ہے۔ محسن نقوی نے یورپی یونین کی جی ایس پی پلس اسکیم کے حوالے سے تعاون پر پولینڈ کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور پولینڈ کے درمیان آفیشل پاسپورٹ پر ویزہ فری سہولت فراہم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹوماش شیمونیاک نے خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کی کوششوں کی بھرپور تائید کی۔ ملاقات میں سیکریٹری داخلہ اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔

52

دوران سولرائزیشن پروگرام سے متعلق BSTS کے قابل اطلاق تقاضوں اور ٹیکس سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا جبکہ متعلقہ معاملات میں مزید وضاحت اور باہمی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں ٹیکس قوانین کے موثر نفاذ، متعلقہ اداروں کو رہنمائی فراہم کرنے اور ٹیکس سے متعلق امور کو واضح کرنے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

53

بیان میں شفیع جان نے کہا کہ کوہاٹ کے باشعور عوام نے لانگ مارچ کے موقع پر بھرپور شرکت کر کے اپنے سیاسی شعور اور وابستگی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں پہنچنے والے قافلے کا والہانہ استقبال کیا گیا جبکہ شرکا کے ساتھ بھرپور تعاون بھی کیا گیا۔ شفیع جان نے کہا کہ کوہاٹ کے عوام کی میزبانی، تعاون اور گرم جوشی قابل ستائش ہے، جس نے مارچ کے شرکا کے حوصلے بلند کیے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ عوام آئندہ بھی عوامی مسائل کے حل اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے اسی جذبے کا مظاہرہ کرتے رہیں گے۔

ڈی جی حج کی تیسری بار بھی غیر حاضری، سینیٹ قائمہ کمیٹی مذہبی امور کا اجلاس احتجاجاً ملتوی

ڈی جی حج کا بار بار بلانے کے باوجود نہ آنا باعث شرم اور تشویش ہے، کمیٹی ارکان کا اظہار برہمی

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کے اجلاس میں ڈی جی حج نے تیسری بار بھی شرکت نہیں کی جس پر اجلاس کو احتجاجاً ملتوی کر دیا گیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کا اجلاس قائم مقام چیئرمین سینیٹر حافظ عبدالکریم کی زیر صدارت ہوا، جس میں (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

گوادر، موبائل فون کی دکان میں دھماکے کے نتیجے میں باپ بیٹے سمیت تین افراد زخمی

سکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا، دھماکے کی نوعیت جاننے کے لیے تحقیقات شروع

گوادر (جی این ایم) گوادر شہر میں موبائل فون کی ایک دکان کے اندر ہونے والے دھماکے کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہو گئے ہیں، جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دھماکے میں زخمی ہونے والوں میں شوکت، ان کا بیٹا باقر اور ظفر شامل ہیں، جن کا تعلق سندھ کے علاقے کشمور سے بتایا جاتا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سکیورٹی فورسز (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

ژوب، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی شہداء جمہوریت و شہداء وطن کی برسی کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

بیلہ، پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چور گرفتار اور مسروقہ بائیک برآمد

ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی ہدایت پر کارروائی، ملزم سے مزید تفتیش جاری

بیلا (جی این ایم) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کی ہدایت پر ایس ایچ او بیلہ یار محمد کمانڈو کی کامیاب کارروائی، ملزم گرفتار، (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

صوبائی اشتہارات کی غیر منصفانہ تقسیم صحافت پر قدغن ہے، قیوم بلوچ

لوکل پرنٹ میڈیا شدید مالی بحران کا شکار، حکومت پالیسی پر نظرثانی کرے، بلوچستان میڈیا فورم

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے کہا ہے کہ اخبارات کو صوبائی اشتہارات کی غیر منصفانہ تقسیم صحافت پر قدغن کے مترادف ہے، لوکل پرنٹ میڈیا اس وقت شدید مالی بحران اور مشکلات کا شکار ہے، حکومت کو چاہیے کہ اخبارات اور صحافتی اداروں (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگنے کا کوئی امکان نہیں، منظور وسان

پیپلز پارٹی کی موجودگی میں سندھ میں نئے صوبے بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، گفتگو

کراچی (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگنے کا کوئی امکان نہیں۔ خیر پور میں گفتگو کرتے ہوئے منظور وسان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی موجودگی میں سندھ میں نئے صوبے بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

ایرانی وزیر داخلہ کی قطری امیر سے ملاقات، علاقائی امور پر تعمیری بات چیت

دوطرفہ رابطے اور تعاون کو مزید موثر بنانے کیلئے مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق

دوحہ (جی این ایم) ایران کے وزیر داخلہ سکندر مومنی نے قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات کی، جس میں علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تعمیری بات چیت کی گئی۔ ملاقات کے دوران سکندر مومنی نے ایرانی صدر کا پیغام قطری امیر تک پہنچایا، قطری امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی نے ایرانی صدر کے پیش کردہ نکات کا خیرمقدم کرتے ہوئے اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

معاہدے کیلئے تیار ہیں لیکن ایران کو جوہری افزودگی کی صلاحیت کم کرنا ہوگی، جے ڈی وینس

صدارتی انتخاب لڑنے کے حوالے سے تاحال فیصلہ نہیں کر سکا، امریکی نائب صدر کا انٹرویو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران سے معاہدے کیلئے تیار ہیں، لیکن ایران کو جوہری پروگرام پر لچک دکھانا ہوگی اور اپنی جوہری افزودگی کی صلاحیت کم کرنا ہوگی۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے ایک عالمی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں کہا کہ جنگ کے خاتمے کیلئے ایران کو اپنی جوہری افزودگی کی صلاحیت کم کرنا ہوگی۔ یہ واضح نہیں کہ ایران فیصلے کس طرح کرتا ہے۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ محض مستقبل میں جوہری سرگرمیوں (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

امریکی حملوں میں 111 پیٹروکیمیکل اور فارماسیوٹیکل مراکز کو نقصان پہنچا، ایران

صنعتی سپلائی چینز اور کیمیائی ہتھیاروں کے خلاف بین الاقوامی معاہدے پر عمل درآمد بھی متاثر ہوا، ہادی فرج وند

تہران (جی این ایم) ایران نے کہا ہے کہ امریکی حملوں کے نتیجے میں ملک بھر میں 111 پیٹروکیمیکل اور فارماسیوٹیکل تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے، جس سے صنعتی سپلائی چینز اور کیمیائی ہتھیاروں کے خلاف بین الاقوامی معاہدے پر عمل درآمد بھی متاثر ہوا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے نمائندے ہادی فرج وند نے تنظیم برائے ممانعت کیمیائی ہتھیار (او پی سی ڈبلیو) سے (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ٹریفک قوانین پر عملدرآمد اور شہریوں کا تحفظ اولین ترجیح ہے: ایس پی ٹریفک

بغیر لائسنس، کم عمر ڈرائیونگ اور ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

کوئٹہ (جی این ایم) ایس پی ٹریفک سریاب یاور عباس نے کہا ہے کہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور شہر میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا ٹریفک پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ٹریفک قوانین کی پابندی حادثات کی روک تھام اور شہریوں کو محفوظ سفری ماحول کی فراہمی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے ٹریفک کے حوالے سے تفصیلی گفتگو (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

مستحق اور باصلاحیت طلباء کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کے لیے بیف اسکالرشپس پر آگاہی سیشن کا انعقاد

مالی مشکلات تعلیمی سفر میں رکاوٹ نہیں بننی چاہئیں، طلباء اسکالرشپس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں: ڈپٹی کمشنر سبی

سبی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات اور صوبائی حکومت کی تعلیمی پالیسی کے تحت مستحق اور باصلاحیت طلباء وطالبات کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (BEEF) اسکالرشپس کے حوالے سے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ آگاہی سیشن چیف ایگزیکٹو آفیسر BEEF خالد خان ماندائی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

معلومات اور شعور ہی بیماریوں سے بچاؤ کا مؤثر ذریعہ ہیں: ڈاکٹر فہیم خان

لورالائی میں ملیریا اور متعدی امراض کی روک تھام کے لیے چار روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد

لورالائی (خ ن) ملیریا پروگرام کے تحت چار روزہ Community Integrated Case Management (ICCM) تربیتی پروگرام ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر فہیم خان کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ملیریا پروگرام سے وابستہ ماہرین، ٹرینرز، کمیونٹی ہیلتھ ورکرز (CHWs) اور کمیونٹی ریسپانس پرسنز (CRPs) نے بھرپور شرکت کی تربیتی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

کوئٹہ: ایک شخص بوتلوں میں غیر قانونی ایرانی پیٹرول 270 پاکستانی روپے فی لیٹر فروخت کر رہا ہے

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ کوہاٹ پہنچ گیا، پرتپاک استقبال پر شفیع جان کا اظہار تشکر

پشاور (جی این ایم) پی ٹی آئی کا لانگ مارچ خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ پہنچ گیا۔ کوہاٹ میں لانگ مارچ کے قافلے کے استقبال کے لیے بڑی تعداد میں شہریوں کی شرکت پر صوبائی وزیر اطلاعات شفیع جان نے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ایکشن، خاتون سول جج برطرف

لاہور (جی این ایم) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے مس کنڈکٹ اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ایکشن لے لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے ڈسپلن کی خلاف ورزی پر خاتون سول جج ظل ہما کو برطرف کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ سے ڈیپوٹیشن ختم ہونیکے بعد سول جج مسلسل غیر حاضر رہیں۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ سول جج کو وضاحت کا موقع دیا گیا لیکن شوکاز کا جواب تک نہ دیا گیا۔

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو ینگ لیڈر پارلیمنٹرین کی جانب عصمت اللہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ہم مذاکرات سے انکاری نہیں، غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں۔ بیرسٹر گوہر

سیاسی لوگ غیر مشروط طور پر بیٹھتے ہیں، مذاکرات سے انکار نہیں کیا لیکن غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں

اسلام آباد (جی این ایم) تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے ہم مذاکرات سے انکار نہیں کر رہے لیکن غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا ملک وقوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

60 ایکڑ ذاتی اراضی پر مبینہ قبضے کا معاملہ، سید بقا محمد شاہ کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

ڈیرہ اللہ یار (اے این این) ضلع جھی میں تقریباً 60 ایکڑ ذاتی اراضی پر مبینہ قبضے کے خلاف سید بقا محمد شاہ نے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ سید بقا محمد شاہ کے مطابق ان کی مذکورہ اراضی پر بعض افراد مبینہ طور پر قبضہ کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

بیریئر ہٹانے کا کیس: ایمان مزاری وہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے بیریئر ہٹانے کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کر دی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت ہادی علی چٹھہ نے اعتراض اٹھاتے ہوئے کہا کہ مجھے تو ابھی تک نقول بھی نہیں ملیں، جب تک قانونی تقاضے پورے نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

پاکستان اور جرمنی کا تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے، جام کمال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے جرمن سفیر اینا لیپل نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ایران آبنائے ہرمز پر مکمل قبضہ کھو چکا، معیشت مکمل زوال کا شکار ہے، امریکا

ایران نے اپنے جوہری پروگرام سے متعلق معاہدے کے متعدد مواقع ضائع کئے، مارکو روبیو

ایتھنز (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایتھنز میں پریس کانفرنس کے دوران کہا ہے کہ ایران اپنے جوہری پروگرام کے بارے میں امریکہ کے ساتھ معاہدے (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

MOU Signing Ceremony
KUMAK Program

کوئٹہ، سیکرٹری سماجی بہبود عصمت اللہ قریشی اور ایچ بی ایل کنیکٹ اور محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کے درمیان (KUMAK) پروگرام کے سلسلے میں مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز کے درمیان اہم اجلاس

ٹیکس قوانین کے موثر نفاذ اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور، باہمی رابطہ کاری کا فیصلہ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے ممبر آڈٹ اور اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز (SDI) کے پروگرام کوآرڈینیٹر کے درمیان ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) کے حوالے سے ایس ڈی آئی پروگرام، بالخصوص سولرائزیشن سے متعلق ٹیکس امور اور وضاحت طلب نکات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

پاکستان اور پولینڈ کا سکیورٹی و انسدادِ دہشتگردی تعاون بڑھانے پر اتفاق

حکومت نے منشیات، غیرقانونی مائیگریشن اور منظّم جرائم کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی، وزیر داخلہ

حکومتی اقدامات سے پاکستان سے یورپ کی جانب غیرقانونی امیگریشن میں 64 فیصد کمی آئی ہے، محسن نقوی کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے پولینڈ کے وزیر اور کونسل آف منسٹر کے سربراہ ٹوماش شیمونیاک نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور پولینڈ کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور سکیورٹی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سکیورٹی، انٹیلیجنس شیئرنگ، انسداد دہشت گردی، غیر قانونی مائیگریشن اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو نئی جہت دینے اور اعلیٰ سطح کے روابط مزید بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ فریقین نے (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے عصمت اللہ کی قیادت میں ینگ لیڈر پارلیمنٹرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سٹی نالے میں پولیس اور محکمہ سوشل ویلفیئر کا بڑا کریک ڈاؤن، 150 سے زائد افراد گرفتار

شہر کو منشیات سے پاک کرنے کی مہم سال بھر جاری رہے گی، تمام افراد کو بحالی مراکز منتقل کر دیا گیا، ایس پی سٹی آصف غفور

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں منشیات کے خلاف جاری گرینڈ آپریشن کے تحت پولیس اور محکمہ سوشل ویلفیئر نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سٹی نالے میں بڑا کریک ڈاؤن کیا ہے، جس کے دوران 150 سے زائد منشیات کے عادی افراد اور منشیات فروخت کرنے والے عناصر کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اس حوالے سے تفصیلات بتاتے ہوئے ایس پی سٹی آصف غفور نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

قائد آباد تھانے میں کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں کے مسائل سنے گئے اور فوری حل کی ہدایات

پولیس اور عوام کے درمیان رابطہ کاری کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، ڈی ایس پی اسحاق علی چنگیزی

کوئٹہ (جی این ایم) ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ کی خصوصی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے قائد آباد تھانے میں ایک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کیے۔ ڈی ایس پی گوالمنڈی اسحاق علی چنگیزی کی زیر صدارت منعقد ہونے والی اس کھلی کچہری میں ایس ایچ او کامران بھٹی کے علاوہ علاقہ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

انمول عرف پنکی منشیات کیس، بریت کی درخواست پر نوٹس جاری

ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو آئندہ سماعت پر جواب داخل کرنے کا حکم

کراچی (جی این ایم) کوکین کوئن انمول عرف پنکی کی منشیات کیس میں عدالت نے بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کر دیا۔ کراچی کی سیشن عدالت جنوبی میں منشیات کے مقدمے میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی" کوکین کوئن کی جانب سے دائر کی جانے والی بریت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ ناقص تفتیش کے باعث ملزمہ کی بریت کے قوی امکانات ظاہر کیے جا رہے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

استنبول کے اسکول میں 15 سالہ طالبہ کا چاقو حملہ، ایک بچہ جاں بحق، 7 زخمی

دوسرے تعلیمی ادارے کی طالبہ نے امام خطیب اسکول کی یونیفارم پہن کر حملہ کیا، وزیر تعلیم

استنبول (جی این ایم) ترکیہ کے شہر استنبول میں 15 سالہ طالبہ نے ایک مڈل اسکول میں 8 طلبہ کو چاقو کے وار کر کے زخمی کیا، جن میں سے ایک طالب علم جاں بحق ہو گیا۔ حکام نے جاں بحق طالبعلم کی عمر نہیں بتائی تاہم ترکیہ کے مڈل اسکولوں میں عموماً 10 سے 14 سال کے بچے زیر تعلیم ہوتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ استنبول کے گورنر (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ، سیاسی و سماجی رہنما ماختر سالار اور مشتاق جدون کی جانب سے خالق آباد کھلی کچہری میں ایس ایچ او خیر محمد، مقصود لغاری، مشال خان مروت شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

وزیراعظم ہاؤسنگ اسکیم: 71 ہزار افراد کو 426 ارب روپے کے قرضوں کی منظوری

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ہاؤسنگ، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار اور زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی کے حوالے سے اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، ریاض حسین (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

نیشنل رجسٹریشن امتحان سٹیپ ون کی تاریخ تبدیل، 8 نومبر کو ہوگا

لاہور (جی این ایم) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے نیشنل رجسٹریشن ایگزامینیشن سٹیپ ون کی تاریخ تبدیل کر دی۔ پی ایم ڈی سی کی جانب سے جاری پبلک نوٹس کے مطابق نیشنل رجسٹریشن ایگزامینیشن سٹیپ ون اب 11 اکتوبر کے بجائے 8 نومبر کو منعقد ہوگا۔ اعلامیہ (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

سپریم کورٹ میں کیس کی سماعت کے دوران وکیل اور ججز کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ میں لیاقت حسین مسمات فضیلت بیگم کے درمیان جائیداد کے تنازع کے کیس کی سماعت کے دوران وکیل اور ججز کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا۔ جسٹس نعیم اختر افغان نے کہا کہ سپریم کورٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کوئٹہ روڈ پر کارروائی، 7 فوڈ یونٹس کو جرمانے اور 6 کو نوٹسز جاری

لورالائی (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی (BFA) کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر کی سربراہی میں کھوائی موڑ، کوئٹہ روڈ پر مختلف فوڈ بزنسز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 18 فوڈ یونٹس کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ڈپٹی وزیر اعلیٰ کی تقرری کیلئے دائر درخواست پر حکومت سے جواب

کوئٹہ (جی این ایم) خیبر پختونخوا میں ڈپٹی وزیر اعلیٰ کی تقرری کے لیے دائر درخواست پر حکومت سے جواب طلب کر لیا گیا۔ خیبر پختونخوا میں ڈپٹی وزیر اعلیٰ کی تقرری کے لئے دائر درخواست پر پشاور ہائیکورٹ میں سماعت ہوئی، عدالت نے درخواست پر صوبائی حکومت سے جواب طلب کر لیا۔ وکیل درخواست گزار کے (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

فاروق ایچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی رکنیت سے استعفیٰ دے دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ ذاتی وجوہات پر دے رہا ہوں، اپنا استعفیٰ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

سیکریٹری ایس آئی ایف سی کی آسٹریلوی ہائی کمشنر و پولیٹیکل اکنامک سیکریٹری سے ملاقات

اسلام آباد (جی این ایم) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان میں سرمایہ کاری، تجارت اور عالمی کاروباری روابط کو فروغ دینے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں سیکریٹری ایس آئی ایف سی کی آسٹریلوی ہائی کمشنر ٹموتھی کین اور پولیٹیکل اکنامک سیکریٹری سے اہم ملاقات (باقی صفحہ 3 نمبر 44)

اسلام آباد ہائیکورٹ، قتل اور اغوا کی ملزمہ کو 5 لاکھ کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قتل اور اغوا کیس میں گرفتار ملزمہ کی بعد از گرفتاری ضمانت منظور کر لی، عدالت نے قرار دیا کہ ملزمہ کا قتل میں کوئی براہ راست و مخصوص کردار سامنے نہیں آیا۔ جسٹس شاہ رخ (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

کینیڈین وزیراعظم مارک کارنے رواں ماہ ترکیہ کا دورہ کریں گے

ٹورنٹو (جی این ایم) کینیڈا کے وزیراعظم مارک کارنے رواں ماہ ترکیہ کا دورہ کریں گے جو کسی بھی کینیڈین وزیراعظم کا ترکیہ کا پہلا باقاعدہ دوطرفہ دورہ ہوگا۔ کینیڈین وزیراعظم کے دفتر کے مطابق کارنے 21 سے 23 اکتوبر (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ، سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ

واشنگٹن (جی این ایم) عالمی منڈی میں بدھ کے روز خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا، سرمایہ کار خلیج میکسیکو میں بننے والے سمندری طوفان، مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور خطے سے خام تیل کی سپلائی میں ممکنہ رکاوٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برینٹ خام تیل کے فی بیرل نرخ (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس اور فاروق گروپ آف ہاسپٹلز کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (IUJ) اور فاروق گروپ آف ہاسپٹلز کے درمیان صحافی برادری اور ان کے اہل خانہ کو معیاری اور رعایتی طبی (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

راولپنڈی، سدرہ عرب قتل کیس سے دہشتگردی کی دفعات ختم

عدالت نے ملزمان کی ضمانت منسوخی کے لیے پولیس کی جانب سے دائر درخواست بھی خارج کردی

راولپنڈی (جی این ایم) انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے تھانہ پیرودھائی میں درج سدرہ عرب قتل کیس سے دہشت گردی کی دفعات ختم کر دیں۔ عدالت نے ملزمان کی ضمانت منسوخی کے لیے پولیس کی جانب سے دائر درخواست بھی خارج کر دی۔ انسداد (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

14 سال سے آپ دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں اب آپ کو فیض نہیں ملنا، عظمیٰ بخاری

دوسرے مرتبہ نومئی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (جی این ایم) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ 14 سال سے آپ دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں اب آپ کو فیض نہیں ملنا، فیض اب جا چکا ہے۔ لاہور میں صوبائی وزیر بلال یاسین کے ہمراہ پریس کانفرنس (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج زیارت میں استاد اور شاگرد کے رشتے کو خراج تحسین پیش کرنے کی تقریب

تقریب میں شاندار ثقافتی رقص (اتن) اور تقریری مقابلوں کے فاتحین میں انعامات کی تقسیم

زیارت (خ ن) گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج زیارت میں اساتذہ کی علمی، اخلاقی اور تربیتی خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایک پُروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر بلوچ خان تھے، جبکہ کالج کے پرنسپل پروفیسر نقیب اللہ کاکڑ صاحب سمیت کالج کے معزز اساتذہ اور طلباء نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

چیئرمین گوادر پورٹ کی کے پی ٹی ہیڈ آفس میں چیئرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ سے ملاقات

کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے باہمی تعاون سے پاکستان کے بحری شعبے کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق

کراچی/گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے چیرمین کراچی پورٹ ٹرسٹ ریئر ایڈمرل شاہد احمد، ایس آئی (ایم)، ایس بی ٹی (ریٹائرڈ)، سے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں ملاقات کی۔ چیرمین کے پی ٹی نے چیئرمین گوادر پورٹ کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، ایم پی اے زرک خان مندوخیل پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے نائب صدر ملک عیسیٰ ملازئی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

آبنائے ہرمز مکمل طور پر ہمارے کنٹرول میں ہے، ایرانی فوج کا پھر دعویٰ

آبنائے ہرمز کا فیصلہ ٹرمپ کی کھوکھلی سوشل میڈیا پوسٹس نہیں کریں گی، ایرانی ڈپٹی اسپیکر علی نیک زاد

تہران (جی این ایم) ایرانی خاتم الانبیا ہیڈکوارٹرز کے سینئر کمانڈر نے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر ایرانی مسلح افواج کے کنٹرول میں ہے۔ بریگیڈیئر جنرل شمخال جعفری نے ایرانی سرکاری ٹیلی وژن سے گفتگو میں کہا ایران نے دشمن کو اپنے بحری جہاز اور بحری ساز و سامان ایرانی سرحدوں سے بہت دور تعینات کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ ایرانی افواج نے مخالف فریق کا کچھ ساز و سامان مال غنیمت کے طور پر حاصل کیا ہے، تاہم انہوں نے اس حوالے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

حکومت اسلام آباد میں کسی بھی صوبے کی چڑھائی نہیں ہونے دے گی: طارق فضل

بارہ اضلاع میں صوبائی حکومت کی کسی قسم کی عمل داری نہیں ہے حکومت بانی پی ٹی آئی کی دیکھ بھال کے لیے ہر ممکن بہترین اقدامات کر رہی ہے

چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرریاں آئینی معاملہ ہیں، تاہم ان تقرریوں کے عمل میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی رکاوٹ ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ حکومت اسلام آباد میں کسی بھی صورت چڑھائی نہیں ہونے دے گی۔ سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کہنا تھا کہ بارہ اضلاع میں صوبائی حکومت کی کسی قسم کی عمل داری نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بانی پی ٹی آئی کی دیکھ بھال کے لیے ہر ممکن بہترین اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور کا کہنا تھا کہ چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرریاں آئینی معاملہ ہیں، تاہم ان تقرریوں کے عمل میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی رکاوٹ ہیں۔ وفاقی وزیر نے مزید دعویٰ کیا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر سے دو مرتبہ رابطہ کیا، تاہم انہوں نے ملاقات سے انکار کر دیا، اپوزیشن لیڈر اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا نہیں کر رہے۔

آئی ایم ایف کے اعتراضات برقرار، الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کا فیصلہ نہ ہو سکا

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان مذاکرات آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات تاحال ختم نہ ہو سکے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے حوالے سے رپورٹ مطابق آٹو پالیسی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

ملک بھر میں بارشوں کی کمی کے باعث آبی ذخائر میں پانی کی قلت، ربیع سیزن میں 22 فیصد کمی کا تخمینہ

نصیرآباد ڈویژن کے کاشتکاروں سے نہری پانی کا محتاط اور دانشمندانہ استعمال کرنے کی اپیل، ارسا کی ایڈوائزری جاری

اوستا محمد (جی این ایم) اوستا محمد ربیع سیزن سے قبل ملک بھر میں بارشوں میں کمی کے باعث آبی ذخائر میں پانی کی کمی برقرار ہے، جس کے پیش نظر ارسا کی جانب سے کاشتکاروں کو پانی کے محتاط استعمال اور ممکنہ قلت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا ہے۔ نصیر آباد ڈویژن کے کاشتکاروں سے اپیل ہے کہ وہ ربیع سیزن کے دوران پانی کے محدود وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے نہری پانی کا (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

وزیراعظم کی دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں کی تعریف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی میں فتنہ الخوارج کے 13 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

کوئٹہ، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ صوبائی ذمہ داران ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی سمیت صوبہ بھر سے ذمہ داران شریک ہیں